Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 17 | ہفتہ ، 25 اپریل 2026ء ، 7 ذیقعد 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 13

ثالثی کوششوں کے خلاف بھارتی پروپیگنڈا مہم بے بنیاد ہے، پاکستان

سلامتی کونسل سندھ طاس معاہدہ عالمی ذمہ داری کے تحت مکمل بحال کرائے، پاکستان کا مطالبہ

خطے میں پائیدار امن اس کے حل کے بغیر ممکن نہیں، اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار کا سلامتی کونسل کو خط

چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) پروفیسر ڈاکٹر نیاز احمد اختر اپنے دورے کے دوران یونیورسٹی آف لاڑکانہ کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر نیک محمد شیخ، فیکلٹی اور یونیورسٹی کی قیادت سے ملاقات کر رہے ہیں۔

نیویارک (یو این پی) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے مطالبہ کیا ہے کہ سلامتی کونسل سندھ طاس معاہدے کو عالمی ذمہ داری کے تحت مکمل بحال کرائے۔ انہوں نے یہ مطالبہ اقوام متحدہ میں بھارت کے خلاف جمع کرائے گئے خط میں کیا ہے۔ پاکستان کے خط میں بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کی معطلی پر شدید تحفظات کا اظہار کیا گیا اور کہا ہے کہ بھارت کی کارروائی علاقائی امن کے لیے خطرہ ہے، سلامتی کونسل سے مداخلت کی اپیل کی جاتی ہے کہ بھارت سے بین الاقوامی ذمہ داریوں کے مطابق عملدرآمد کروایا جائے۔ عاصم افتخار کا کہنا تھا کہ خط نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ کی جانب سے جمع کرایا گیا جس میں معاہدے کی مکمل بحالی کا مطالبہ کیا گیا، مراسلہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے صدر کے حوالے کیا گیا۔ پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے بین الاقوامی امن وسلامتی کے مفاد میں پاکستان کی ثالثی کوششوں کے خلاف بھارتی پروپیگنڈا مہم کو بے بنیاد قرار دیا اور صدر جنرل اسمبلی کی اس بے بنیاد مہم کی طرف توجہ دلائی۔ عاصم افتخار نے مزید نشاندہی کی کہ جموں وکشمیر کا تنازع، جو طویل عرصے سے کونسل کے ایجنڈے پر موجود ہے، جنوبی ایشیا میں مسلسل عدم استحکام کی بنیادی وجہ ہے، اور اس بات پر زور دیا کہ خطے میں پائیدار امن اس کے حل کے بغیر ممکن نہیں، جو متعلقہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق ہونا چاہیے۔

راولپنڈی میں شہری زہر کھانے پر مجبور

خالص دودھ خواب بن گیا، چکری روڈ سے دھمیال تک "ملاوٹ راج" قائم، کارروائیاں ناکافی

راولپنڈی (عبدالرحمٰن سے) راولپنڈی کے علاقے چکری روڈ، دھمیال، گرجا روڈ اور گردونواح میں پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں وقتی اور محدود دکھائی دیتی ہیں، جس کے باعث شہری بدستور ملاوٹ مافیا کے رحم وکرم پر چھوڑ دیے گئے (بقیہ نمبر 1)

سیکیورٹی فورسز کا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، 22 خوارج ہلاک

ہلاک خوارج سے اسلحہ، گولہ بارود برآمد، علاقے میں متعدد دہشت گرد کارروائیوں میں ملوث تھے

راولپنڈی (یو این پی) سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے خیبر میں انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن میں 22 خوارج ہلاک کر دیئے گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آپریشن 21 اپریل کو کیا گیا تھا، جس میں فائرنگ (بقیہ نمبر 2)

پاکستان سٹاک ایکسچینج میں شدید مندی کا رجحان

پاکستان سٹاک ایکسچینج میں کاروبار کے دوران منفی رجحان کا سلسلہ برقرار

کراچی (یو این پی) پاکستان سٹاک ایکسچینج میں کاروبار کے دوران منفی رجحان کا سلسلہ برقرار ہے۔ کاروباری ہفتے کے پانچویں اور آخری روز کاروبار کے آغاز پر سٹاک مارکیٹ میں شدید مندی دیکھنے میں آئی ، 2500 سے زا (بقیہ نمبر 3)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا امن کیلئے

کثیر الجہتی اور سفارت کاری کے عالمی دن پر پیغام

حالیہ عالمی بحران میں کامیاب سفارتی کاری پر وزیراعظم شہباز شریف، ڈپٹی وزیراعظم اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کو خراج تحسین، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے عالمی امن کے لئے پاکستانی سفارت کاروں کی محنت اور کردار کو سراہا

پاکستان کی کامیاب سفارت کاری کی بدولت ممکنہ عالمی جنگ رکوا کر کروڑوں انسانی زندگیوں کو بچایا گیا، معاملات اور تنازعات کا حل سفارت کاری ہے، سفارت کاری، مکالمے، افہام وتفہیم سے پیچیدہ مسائل کا حل بھی ممکن ہے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے امن کیلئے کثیر الجہتی اور سفارت کاری کے عالمی دن پر اپنے خصوصی پیغام میں حالیہ عالمی بحران میں کامیاب سفارتی کاری پر وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف، ڈپٹی وزیراعظم اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے عالمی امن کے لئے پاکستانی سفارت کاروں کی محنت اور کردار کو سراہا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ (بقیہ نمبر 21)

وفاقی وزیر رانا تنویر حسین برونائی میں ایف اے او (FAO) کی 38ویں علاقائی کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں، جس میں پائیدار زرعی غذائی نظام اور غذائی تحفظ کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا گیا ہے۔

چین-پاکستان تعلقات کی 75 سالہ شاندار داستان

اسلام آباد (یو این پی) عالمی یوم کتاب کے موقع پر چائنا میڈیا گروپ اور ادارہ فروغ قومی زبان کے باہمی اشتراک سے ایک پروقار اور بامقصد تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس (بقیہ نمبر 5)

پاکستانی فضائی حدود کی بندش بھارت کیلئے بڑا معاشی دھچکا ثابت

پاکستانی فضائی حدود کی بندش سے بھارتی پروازوں کو اضافی وقت درکار

سری نگر (یو این پی) پہلگام فالس فلیگ کے بعد پاکستانی فضائی حدود کی بندش بھارت کیلئے بڑا معاشی دھچکا ثابت ہوگیا جبکہ پہلگام فالس فلیگ کی آڑ میں بلاجواز یکطرفہ اقدامات کے جواب میں پاکستان نے فضائی حدود کی بندش سے بھارت کو بڑا نقصان بھی (بقیہ نمبر 4)

پاکستان نے متحدہ عرب امارات کے تمام ڈپازٹ بروقت واپس کر دیئے

یو اے ای کے ڈپازٹس کی ادائیگی کے بعد 17 اپریل تک زرمبادلہ ذخائر 10.4 کروڑ ڈالرز بڑھے، سٹیٹ بینک

گزشتہ ہفتے متحدہ عرب امارات کو 2.45 ارب ڈالرز واپس کیے گئے تھے، یو اے ای کو 3.45 ارب ڈالرز کے تمام ڈپازٹ واپس کر دیئے

کراچی (یو این پی) پاکستان نے متحدہ عرب امارات کو گزشتہ روز مزید 1 ارب ڈالرز کی رقم واپس کر دی۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان کے اعلامیے کے مطابق گزشتہ ہفتے متحدہ عرب امارات کو 2.45 ارب ڈالرز واپس کیے گئے تھے، یو اے ای کو 3.45 ارب ڈالرز کے تمام ڈپازٹ واپس کر دیئے۔ یو اے ای کے ڈپازٹس کی ادائیگی کے بعد 17 اپریل تک زرمبادلہ ذخائر 10.4 کروڑ ڈالرز (بقیہ نمبر 6)

ڈیرہ غازی خان: ڈپٹی کمشنر محمد عثمان خالد تونسہ میں صفائی عملہ کو شاباش دے رہے ہیں۔

صدر مملکت کا ضلع خیبر میں فتنہ الخوارج کے 22 دہشت گردوں کی ہلاکت پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (اے پی پی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے ضلع خیبر میں مشترکہ انٹیلی جنس آپریشن میں فتنہ الخوارج کے 22 دہشت گردوں کی ہلاکت اور اسلحے کی برآمدگی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے ناسور کے خلاف (بقیہ نمبر 7)

ہم آئین، صوبائی خودمختاری اور 18ویں ترمیم کی حفاظت کریں گے، مولانا فضل الرحمان

مہنگائی کیخلاف احتجاج عالمی جنگ روکنے کیلئے حالت کے باعث موخر کیا منسوخ نہیں

ایران امریکا تنازعہ کے باعث کشیدگی نے مسلم دنیا پر دباؤ میں اضافہ کر دیا ہے، سربراہ جے یو آئی

ڈیرہ غازی خان (یو این پی) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہم آئین، صوبائی خودمختاری اور 18ویں ترمیم کی حفاظت کریں گے، مہنگائی، لوڈشیڈنگ اور حکومتی اقدامات کے خلاف ملک گیر احتجاج کی کال دی گئی تھی، تاہم عالمی جنگ روکنے کیلئے حالات کے پیش نظر اس احتجاج کو وقتی طور پر موخر کیا گیا ہے منسوخ نہیں کیا گیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈیرہ غازی خان میں سابق گورنر پنجاب سردا (بقیہ نمبر 22)

چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) پروفیسر ڈاکٹر نیاز احمد اختر آئی بی اے (IBA) یونیورسٹی سکھر کے دورے کے دوران ہیومنائیڈ روبوٹس کے افعال کا مشاہدہ کر رہے ہیں۔

سولر لائسنسنگ بارے غلط معلومات پھیلائی گئی ہیں، نیپرا کی وضاحت

25 کلو واٹ سے کم کیپیسٹی والے کنکشن کی منظوری کا اختیار تقسیم کار کمپنیوں کے پاس تھا

اسلام آباد (یو این پی) سولر لائسنسنگ کے معاملے پر نیپرا نے صورتحال واضح کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس حوالے سے غلط معلومات پھیلائی گئی ہیں۔ نیپرا حکام کے مطابق سولر لائسنسنگ (بقیہ نمبر 23)

ٹرمپ نے ایرانی جہاز سے ملنے والے مواد کو ٹاپ سیکریٹ قرار دے دیا

سیکرٹ چیزیں بتائی نہیں جاسکتیں تاہم امریکا کو اس کارروائی میں کافی چیزیں حاصل ہوئی ہیں، گفتگو

امریکی فورسز کی جانب سے تحویل میں لیے گئے ایرانی پرچم بردار کارگو جہاز سے برآمد ہونے والے مواد کی تفصیلات ظاہر نہیں کی جاسکتیں

واشنگٹن (یو این پی) امریکی صدر ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکی فورسز کی جانب سے تحویل میں لیے گئے ایرانی پرچم بردار کارگو جہاز سے برآمد ہونے والے مواد کی تفصیلات ظاہر نہیں کی جاسکتیں کیونکہ وہ ٹاپ سیکریٹ ہیں۔ اوول آفس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے کہا کہ جہاز میں کچھ چیزیں موجود تھیں، لیکن وہ ٹاپ سیکرٹ ہیں جو بتائی نہیں جاسکتیں تاہم امریکا کو اس کارروائی میں کافی چیزیں حاصل ہوئی ہیں۔ ٹرمپ سے جب پوچھا گیا کہ کیا وہ چین پر امریکی ناکہ بندی توڑنے کی کوشش پر ناراض ہیں تو جواب میں انہو (بقیہ نمبر 20)

شعبہ ادیان عالم وبین المذاہب ہم آہنگی اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے زیر اہتمام قومی یکجہتی واتحاد انتہا پسندی کے موضوع پر منعقدہ وبینار میں پروفیسر ڈاکٹر شیخ شفیق الرحمٰن، ڈاکٹر جمیلہ کوثر اور دیگر شریک ہیں۔

صومالیہ کے قریب بحری قزاقوں کا آئل ٹینکر پر حملہ

بحری امور کے ڈائریکٹوریٹ آف پورٹ کا پاکستانی کریو سے رابطہ نہیں ہوسکا

کراچی (یو این پی) صومالیہ کے قریب بحری قزاقوں نے حملہ کر کے آئل ٹینکر پر قبضہ کر لیا۔ شپنگ ذرائع کے مطابق اونر 25 نامی جہاز پر بحری قزاقوں نے 21 اپریل کو حملہ کیا اور ا (بقیہ نمبر 24)

قومی خزانے کو کروڑوں کا چونا لگانے کا انکشاف

فوٹوسیشن اور سب اچھا کی جعلی رپورٹس کا ڈراپ سین نالہ گہرائی کے بجائے اوپر سے صاف، عوامی غیظ وغضب

حکام بالا خواب خرگوش میں مست ٹھیکیدار کی چاندی برسات میں شہر ڈوبنے کا خطرہ علاقہ مکینوں کا احتجاجی وارننگ

گوجرخان (قمر شہزاد) گوجرخان شہر ڈھوک شاہ زمان کے مرکزی نالے کی صفائی کے نام پر سرکاری فنڈز کی بندر بانٹ اور ٹھیکیدار کی مبینہ غفلت نے ذمہ داران کی کارکردگی کا پول کھول دیا۔ عوامی خزانے سے جاری ہونے والے خون پسینے کی کمائی کے فنڈز نالے کی صفائی پر لگنے کے بجائے مبینہ طور پر ٹھیکیدار کی جیبوں میں منتقل ہونے لگے۔ صفائی کے نام پر صرف آئی واش اور فوٹوسیشن تک محدود کارروائی (بقیہ نمبر 8)

مرکزی نالے کی ناقص صفائی بے نقاب، مبینہ غفلت اور فنڈز کے غلط استعمال پر شہری سراپا احتجاج

تربیلا ڈیم سے پانی کے اخراج میں اضافے کے باعث پن بجلی کی پیداوار میں اضافہ

اسلام آباد (اے پی پی) ترجمان پاور ڈویژن نے کہا ہے کہ تربیلا ڈیم سے پانی سے اخراج سے رات کے وقت اضافے سے پن بجلی پیداوار میں اضافہ ہوا، کل رات پیک ٹائم میں کل پن بجلی کی پیداوار 5800 میگاواٹ رہی، کل رات بجلی تقسیم کار کمپنیوں نے رات کے پیک (بقیہ نمبر 9)

چینی صدر کی رومو الدوادانی کو بینن کا صدر منتخب ہونے پر مبارکباد

بیجنگ (یو این پی) چین کے صدر شی جن پھنگ نے بینن کے نومنتخب صدر رومو الد وادانی کو مبارکباد کا پیغام بھیجا۔ شی جن پھنگ نے اپنے پیغام میں کہا کہ چین اور بینن کے درمیان روایتی دوستی قائم ہے۔ حالیہ برسوں میں دونوں ممالک کے درمیان سیاسی اعتماد مسلسل گہرا ہوا ہے، ایک دوسرے کے بنیادی مفادات او (بقیہ نمبر 11)

چین کمبوڈیا 2"+"2 مکالمہ: چھ نکاتی اتفاق رائے کا اعلان

پہلا، فریقین نے ایک دوسرے کی بھرپور حمایت جاری رکھنے پر اتفاق کیا

بیجنگ (یو این پی) کمیونسٹ پارٹی آف چائنا کی مرکزی کمیٹی کے سیاسی بیورو کے رکن اور چینی وزیر خارجہ وانگ ای نے میڈیا کو بتایا کہ چین اور کمبوڈیا کے وزرائے خارجہ و وزرائے دفاع کے درمیان 2"+"2 اسٹریٹجک مکالمے کے پہلے اجلاس میں چھ نکات پر اہم اتفاق رائے طے پایا ہے۔ پہلا، فریقین نے ایک دوسرے کی بھرپور حمایت جاری رکھنے پر اتفاق کیا، خاص طور پر ایک دوسرے کے بنیادی مفادات کے تحفظ میں۔ چین نے کمبوڈیا کی جانب سے ایک چین اصول پر ثابت قدم رہنے، چین کی قومی وحدت کی حمایت اور صدر شی جن پھنگ کے عالمی انیشی ایٹوز کی تائید کو سراہا ہے۔ دوسرا، باہمی مفاد پر مبنی تعاون کو مزید گہرا کرنے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ تیسرا، سیاسی وسلامتی کے شعبے میں تعاون بڑھانے پر زور دیا گیا، جس کا مقصد دونوں ممالک کے نظام اور حکومتی استحکام کا تحفظ ہے۔ چوتھا، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان تعاون کو مضبوط بنانے اور آن لائن جوئے اور ٹیلی کمیونیکیشن فر (بقیہ نمبر 17)

انتظامی الٹی میٹم سے پہلے ہی 300 سے زائد کھوکھے رضاکارانہ طور پر مسمار

ترقی کی راہ میں غریب کی بڑی قربانی مزاحمت کے بجائے خود ہی روزگار اجاڑ دیا، انتظامیہ اور NHA کی مشینری دیکھتی رہ گئی

ہوشربا مہنگائی میں سینکڑوں خاندان بے روزگار عوامی حلقوں کا وزیراعلیٰ پنجاب سے متاثرہ دکانداروں کے لیے متبادل جگہ کا مطالبہ

گوجرخان (قمر شہزاد) گوجرخان میں جی ٹی روڈ پر انڈر پاسز کی تعمیر کے سلسلے میں ایک ایسی بے مثال صورتحال دیکھنے میں آئی جس نے روایت توڑ دی۔ انتظامیہ کی جانب سے دیے گئے الٹی میٹم کی میعاد ختم ہونے سے پہلے ہی کھوکھا بازار کے تاجروں نے قانون کی پاسداری اور شہری ترقی کے لیے اپنے ہاتھوں سے اپنے روزگار کو مسمار کر کے سب کو حیران کر دیا۔ جبکہ دوسری جانب عوامی سماجی حلقوں نے (بقیہ نمبر 18)

کھوکھا بازار گوجرخان کے تاجروں کی مثال قائم، انڈر پاس منصوبے کے لیے خود ہی 300 سے زائد کھوکھے مسمار کر دیے، شہر کی ترقی کے لیے تعاون پر عوامی تحسین، متاثرین کے لیے متبادل روزگار کا مطالبہ۔

چین کا یورپی معاشی وتجارتی پابندیوں پر اظہار تشویش

بیجنگ (یو این پی) چین کے وزیر تجارت وانگ وین تاؤ نے یورپی آٹوموبائل انڈسٹری ایسوسی ایشن کے صدر اور مرسڈیز بینز گروپ کے چیئرمین اولا کالینیئس سے ملاقات کی، جس میں چین اور یورپ کے درمیان آٹوموبائل صنعت کے تعاون اور یورپی یونین کی جانب سے حالیہ تجارتی پابندیوں سمیت مختلف (بقیہ نمبر 19)

حج اسلام کا عظیم فریضہ اور روحانی تربیت کا اہم ذریعہ ہے' ڈاکٹر راغب نعیمی

حج ہر صاحب استطاعت مسلمان پر زندگی میں ایک مرتبہ فرض ہے' چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل

لاہور (یو این پی) چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل علامہ ڈاکٹر محمد راغب حسین نعیمی نے کہا ہے کہ حج اسلام کا عظیم فریضہ اور روحانی تربیت کا اہم ذریعہ ہے، حج ہر صاحب استطاعت مسلمان پر زندگی میں ایک مرتبہ فرض ہے، فریضہ حج سے انسان کو صبر، برداشت، ایثار اور عاجزی کا درس ملتا ہے، حج احرام باندھنے سے لے کر طواف کعبہ، سعی، وقوف عرفات اور رمی جمرات تک ہر رکن بندے کو اللہ تعالیٰ کی اطاعت اور اپنی خواہشات پر قابو پانے کا درس دیتا ہے، احادیث مبارکہ کے مطابق جو شخص خلوص نیت سے حج ادا کرے اور گناہوں سے بچے، وہ ایسا ہو جاتا ہے جیسے آج ہی پیدا ہوا ہو، اس بابرکت موقع پر کی جانے والی دعائیں بھی خصوصی قبولیت رکھتی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامعہ نعیمیہ میں جمعۃ المبارک کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ حج کی ادائیگی کے بعد بھی اس کے اثرات کو اپنی زندگی میں برقرار رکھا جائے اور سچائی، دیانتداری اور تقویٰ کو اپنا شعار بنایا جائے۔ حج صرف چند دنوں کی عبادت نہیں بلکہ ایک مکمل عملی تربیت ہے جو انسان کی پوری زندگی کو سنوارنے کا ذریعہ بنتی ہے۔ حج کی ادائیگی زندگی میں بار بار نہیں ملتی، اس لیے اس موقع سے بھرپور فائدہ اٹھانا چاہیے۔ ہر حاجی کو چاہیے کہ وہ اس مقدس سفر کے دوران اپنے کر (بقیہ نمبر 25)

شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی پولیس کی کارروائیاں، 5 افراد کو حراست میں لے شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 5 افراد کو حراست میں لے 5 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا (بقیہ نمبر 16)

تھانہ نصیر آباد پولیس کی کارروائی

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) تھانہ نصیر آباد پولیس کی کارروائی، ڈکیتی اور چوری ونقب زنی کی وارداتوں میں ملوث دو رکنی گینگ گرفتار، مسروقہ رقم 36 ہزار 500 روپے اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ نصیر آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی اور چوری ونقب زنی کی وارداتوں میں ملوث دو رکنی گینگ کو گرفتار کر (بقیہ نمبر 15)

تھانہ کلر سیداں پولیس کی منشیات کے خلاف کارروائی

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) تھانہ کلر سیداں پولیس کی منشیات کے خلاف کارروائی، منشیات سپلائر گرفتار، 2 کلو سے زائد چرس برآمد۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ کلر سیداں پولیس نے منشیات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے منشیات سپلائر کو گرفتار کر کے 2 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی، منشیات کے ناسور (بقیہ نمبر 14)

آنکھیں کل ہیکنگ مقابلے میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے اور آئی ایس زون ٹیم سے انعامات وصول کرنے والی طالبات کا آئی ایس زون ٹیم اور یونیورسٹی انتظامیہ کے ساتھ گروپ فوٹو۔

وفاقی دارالحکومت میں مارگلہ ہلز نیشنل پارک کے قدرتی ماحول میں ہرنوں کا ایک غول آرام کر رہا ہے اور آزادانہ گھوم رہا ہے۔

آصف علی زرداری کے خلاف منفی پروپیگنڈا مہم قابل مذمت ہے' مخدوم سید احمد

صدر مملکت اپنی آئینی مدت مکمل کریں گے، کسی بھی دباؤ کو خاطر میں نہیں لائیں گے

لاہور (یو این پی) پاکستان پیپلز پارٹی جنوبی پنجاب کے صدر وسابق گورنر پنجاب مخدوم سید احمد محمود نے صدر مملکت آصف علی زرداری کے خلاف جاری منفی پروپیگنڈا مہم کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ مہم دراصل ان عناصر کی بوکھلاہٹ کا مظہر ہے جو ملک میں جمہوری استحکام اور وفاق کی مضبوطی کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ گزشتہ (بقیہ نمبر 10)

غزہ فورس کے کمانڈر کا مصر کا اہم دورہ متوقع

بین الاقوامی استحکام فورس کی قیادت ایک نئے مرحلے میں داخل ہونے جا رہی ہے، عرب ٹی وی

قاہرہ ایک ایسے اعلیٰ سطحی دورے کی تیاری کر رہا ہے، جو خطے کی آئندہ حکمت عملی پر براہ راست اثر انداز ہوسکتا ہے

دیگری ایریا کے قریب اپنے کام کی جگہ پر کاریگر روایتی بستر (چارپائی) بننے میں مصروف ہیں۔

غزہ (یو این پی) غزہ میں جاری کشیدہ صورتحال اور خطے میں بدلتے ہوئے سکیورٹی منظرنامے کے درمیان ایک اہم سفارتی پیش رفت سامنے آ رہی ہے، جہاں بین الاقوامی استحکام فورس کی قیادت ایک نئے مرحلے میں داخل ہونے جا رہی ہے۔ اسی سلسلے میں قاہرہ ایک ایسے اعلیٰ سطحی دورے کی تیاری کر رہا ہے، جو خطے کی آئندہ حکمت عملی پر براہ راست اثر انداز ہو سکتا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق قاہرہ آئندہ دنوں میں غزہ میں تعینات بین الاقوامی استحکام فورس کے کمانڈر میجر جنرل جاسپر جیفریز کی میزبانی کرے گا۔ یہ ان کی 17 جنوری کو منصب سنبھالنے کے بعد پہلا سرکار (بقیہ نمبر 12)

جارح کو پچھتانے پر مجبور کر دیں گے، پزشکیان، قالیباف

رہبر معظم انقلاب کی مکمل پیروی کرتے ہوئے جارح کو پچھتانے پر مجبور کر دیں گے، مشترکہ بیان

تہران (یو این پی) ایران کے صدر مسعود پزشکیان اور ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر باقر قالیباف نے صدر ٹرمپ کے بیان پر مشترکہ ردعمل میں کہا ہے کہ ایران میں نہ کوئی بنیاد پرست ہے نہ کوئی میانہ رو۔ دونوں رہنماؤں کا کہنا تھا کہ ہم سب ایرانی اور انقلابی ہیں اور رہبر معظم انقلاب کی مکمل پیروی کرتے ہوئے جارح کو پچھتانے پر مجبور کر دیں گے۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ میدان جنگ ہو یا سفارتکاری مکمل مربوط محاذ ہیں۔ ایرانی پہلے سے کہیں زیادہ متحد ہیں۔ عباس عراقچی کا کہنا تھا کہ اسرائیل کی ناکامی ایران کے تمام ریاستی اداروں کے اتحاد، ایک مقصد اور نظم وضبط میں جھلکتی ہے۔ ایرانی عدلیہ کے سربراہ غلام حسین محسنی نے کہا کہ ایران کی تیز رفتار کشتیاں اور سمندری ڈرونز امریکی بحریہ کے جہازوں کو تباہ کرنے کے لیے انتظار کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکی آبنائے ہرمز تک پہنچنے کی ہمت بھی نہیں کرتے کیونکہ انہوں نے دیکھا ہے کہ ان کے انتہائی جدید سمجھے جانے والے جہا (بقیہ نمبر 13)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

پنجاب: بہتر گورننس کے دعوے اور عوام کے مسائل

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے صوبے میں جرائم کی شرح میں اضافے پر نوٹس لیتے ہوئے ہنگامی اجلاس طلب کیا جس میں انھوں نے جرائم کے واقعات کی ویڈیوز خود شرکاء کو دکھا کر سخت برہمی کا اظہار کیا اور متعلقہ پولیس افسروں سے حالیہ واقعات پر باز پرس کی۔ اجلاس میں جرائم روکنے کے لیے پیشگی اقدامات پر کام کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا۔ مریم نواز نے شیخوپورہ اور فیصل آباد میں جرائم کنٹرول نہ ہونے پر متعلقہ افسروں کی بھی سرزنش کی اور آر پی اوز اور ڈی پی اوز کو سی سی ڈی سے بھرپور تعاون کی ہدایت کی۔ مریم نواز نے اجلاس میں آر پی اوز، سی پی اوز اور ڈی پی اوز سے ویڈیو لنک خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جرائم کی شرح میں اچانک اضافے کا رجحان شرمناک اور فکر انگیز ہے۔ اتنی محنت کے بعد پنجاب کو سیف سٹی بنائے اور جرائم سے پاک کیا، اب پھر سستی کی گنجائش نہیں۔ قتل، ڈکیتی، اغوا اور گمشدگی جیسے واقعات کا تسلسل بڑھنا قطعاً برداشت نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پولیس کو ہر قسم کی مداخلت سے پاک کر دیا، اب ڈیلیور کر کے دکھانا ہوگا۔ وزیراعلیٰ پنجاب کا یہ بیان بلاشبہ حوصلہ افزا ہے اور اس میں خود احتسابی کی جھلک بھی نظر آتی ہے، لیکن سوال یہ ہے کہ کیا یہ بات زمینی حقائق کی درست عکاسی کرتی ہے؟ اس بات سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ پنجاب حکومت نے کئی شعبوں میں نسبتاً بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے اور دیگر صوبوں کے مقابلے میں یہاں کا انتظامی ڈھانچا زیادہ فعال نظر آتا ہے۔ صحت، تعلیم اور انفراسٹرکچر کے شعبوں میں چند قابلِ ذکر اقدامات سامنے آئے ہیں۔ ڈیجیٹل خدمات کی فراہمی اور سرکاری دفاتر میں شفافیت لانے کی کوششیں بھی نظر آتی ہیں۔ تاہم محض موازنے پر خوش ہونا کافی نہیں۔ گورننس کا اصل معیار یہ نہیں کہ آپ دوسروں سے بہتر ہیں بلکہ یہ ہے کہ آپ عوام کی بنیادی ضروریات کو کس حد تک پورا کر رہے ہیں۔ پنجاب کے عوام آج جن مسائل میں گھرے ہوئے ہیں، ان میں سرفہرست دو مسائل ہیں جو ان کی روزمرہ زندگی کو اجیرن بنائے ہوئے ہیں؛ ان میں سے پہلا مسئلہ روٹی کا ہے، یعنی مہنگائی کی وجہ سے آٹا، دال، سبزی، گھی عام آدمی کی پہنچ سے دور ہوتے جا رہے ہیں۔ غریب طبقے کا تو ذکر ہی کیا، متوسط طبقہ جو کل تک باوقار زندگی گزار رہا تھا، آج دو وقت کی روٹی کے لیے مشکلات کا سامنا کر رہا ہے۔ دوسرا بڑا مسئلہ روزگار کا ہے۔ نوجوانوں کی بڑی تعداد تعلیم مکمل کرنے کے بعد در بدر پھر رہی ہے۔ سرکاری ملازمتیں محدود ہیں، نجی شعبہ سکڑ رہا ہے اور چھوٹے کاروبار مہنگے بجلی کے بلوں اور بڑھتی ہوئی لاگت کی وجہ سے بند ہو رہے ہیں۔ بے روزگاری نہ صرف معاشی بحران ہے بلکہ یہ معاشرتی بگاڑ، جرائم اور نفسیاتی مسائل کا بھی باعث بن رہی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز کو چاہیے کہ وہ ان دونوں مسائل کو اپنی ترجیحات میں سرفہرست رکھیں۔ پولیس اصلاحات اور انتظامی بہتری اپنی جگہ اہم ہے، لیکن بھوکے پیٹ کو اصلاحات کا نام لے کر نہیں بھرا جا سکتا۔

جنرل عاصم منیر کی مدبر قیادت اور مثبت کردار

پاکستان کی تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ جب بھی ملک کو کسی مشکل وقت کا سامنا ہوا، ہماری مسلح افواج نے ہر محاذ پر اپنی ذمہ داریاں پوری کیں۔ ملکی دفاع ہو، دہشت گردی کے خلاف جنگ ہو، قدرتی آفات میں عوام کی مدد ہو یا عالمی سطح پر پاکستان کے وقار کا معاملہ ہو، افواجِ پاکستان نے ہمیشہ اہم کردار ادا کیا ہے۔ اسی ادارے کی قیادت اس وقت فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کے ہاتھ میں ہے، جو سنجیدگی، وقار اور پیشہ ورانہ انداز میں اپنی ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں۔ جنرل عاصم منیر ایک منجھے ہوئے فوجی افسر کے طور پر جانے جاتے ہیں۔ انہوں نے اپنے کیریئر کے دوران مختلف اہم عہدوں پر خدمات انجام دیں اور ہر جگہ اپنی صلاحیتوں کا ثبوت دیا۔ ان کی شخصیت میں سادگی، نظم و ضبط، دیانتداری اور قومی خدمت کا جذبہ نمایاں نظر آتا ہے۔ یہی خوبیاں ایک بڑے رہنما کو دوسروں سے ممتاز کرتی ہیں۔ حالیہ دنوں مشرقِ وسطیٰ میں پیدا ہونے والی کشیدگی اور جنگی حالات نے پوری دنیا کو تشویش میں مبتلا رکھا۔ اس خطے کی اہمیت کسی سے پوشیدہ نہیں، کیونکہ یہاں ہونے والے واقعات کے اثرات صرف چند ممالک تک محدود نہیں رہتے بلکہ عالمی معیشت، امن اور سیاسی صورتحال پر بھی پڑتے ہیں۔ ایسے نازک وقت میں پاکستان نے ہمیشہ کی طرح ذمہ دار ریاست ہونے کا ثبوت دیا ہے۔ جنرل عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان کا مؤقف نہایت متوازن، دانشمندانہ اور امن پسند رہا۔ پاکستان نے ہمیشہ یہ اصولی مؤقف اختیار کیا ہے کہ جنگ کسی مسئلے کا مستقل حل نہیں ہوتی۔ جنگ سے صرف تباہی، انسانی جانوں کا نقصان، معاشی بحران اور نفرتیں جنم لیتی ہیں۔ اصل حل مذاکرات، تحمل اور سفارتی کوششوں میں پوشیدہ ہوتا ہے۔ جنرل عاصم منیر نے بھی اسی سوچ کو آگے بڑھایا اور دنیا کو یہ پیغام دیا کہ پاکستان امن، استحکام اور انصاف پر یقین رکھتا ہے۔ مشرقِ وسطیٰ کی حالیہ صورتحال کے دوران جنرل عاصم منیر کا کردار اس لحاظ سے بھی مثبت رہا کہ انہوں نے قومی سلامتی کے معاملات پر بھرپور توجہ دی۔ جب دنیا میں کشیدگی بڑھتی ہے تو ہر ذمہ دار ملک اپنی سرحدوں، دفاعی تیاریوں اور داخلی استحکام پر نظر رکھتا ہے۔ جنرل عاصم منیر نے ایک ذمہ دار سپہ سالار کے طور پر تمام معاملات کو سنجیدگی سے دیکھا اور قومی مفاد کو ہر چیز پر مقدم رکھا۔ ایک بڑی قیادت کی پہچان یہ ہوتی ہے کہ وہ جذباتی نعروں کے بجائے عملی فیصلے کرتی ہے۔ جنرل عاصم منیر نے اپنے طرزِ عمل سے یہ ثابت کیا کہ مضبوط قیادت شور سے نہیں بلکہ خاموش محنت، درست فیصلوں اور بروقت اقدامات سے پہچانی جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج ان کی قیادت کو ملک کے اندر اور باہر سنجیدگی سے دیکھا جاتا ہے۔ جنرل عاصم منیر کی شخصیت کا ایک اہم پہلو ان کی سادگی اور کم گوئی بھی ہے۔ وہ غیر ضروری تشہیر سے دور رہتے ہیں اور زیادہ تر توجہ اپنے کام پر رکھتے ہیں۔ آج کے دور میں جہاں اکثر لوگ نمود و نمائش کو ترجیح دیتے ہیں، وہاں ایسی شخصیت کا سامنے آنا خوش آئند بات ہے جو الفاظ سے زیادہ عمل پر یقین رکھتی ہو۔ پاکستان کو اس وقت اندرونی اور بیرونی دونوں طرح کے چیلنجز کا سامنا ہے۔ ایک طرف معاشی مسائل ہیں، دوسری طرف خطے کی بدلتی صورتحال ہے۔ ایسے وقت میں ریاستی اداروں کے درمیان ہم آہنگی، استحکام اور مضبوط قیادت کی ضرورت پہلے سے زیادہ بڑھ جاتی ہے۔ جنرل عاصم منیر نے اپنے منصب سنبھالنے کے بعد یہی کوشش کی کہ ملک میں استحکام پیدا ہو اور قومی ادارے اپنی ذمہ داریاں بہتر انداز میں ادا کریں۔ قومیں صرف ہتھیاروں سے مضبوط نہیں ہوتیں بلکہ اتحاد، نظم و ضبط اور درست قیادت سے ترقی کرتی ہیں۔ جنرل عاصم منیر کی قیادت میں یہ پیغام واضح طور پر سامنے آیا ہے کہ پاکستان ایک ذمہ دار، باوقار اور امن پسند ملک ہے جو اپنے دفاع سے غافل نہیں مگر جنگ کا خواہش مند بھی نہیں۔ یہی توازن ایک بالغ نظر قیادت کی نشانی ہوتا ہے۔ مشرقِ وسطیٰ میں حالیہ جنگی صورتحال کے دوران پاکستان کے مثبت مؤقف نے دنیا میں بہت اچھا تاثر دیا اور پوری دنیا نے پاکستان کے کردار کو مانا ہے۔ ایسا تاثر اور ایسا کردار اسی وقت ممکن ہوتا ہے جب ریاستی قیادت سنجیدہ، سمجھدار اور قومی مفاد سے وابستہ ہو جنرل عاصم منیر نے انہی اصولوں کے مطابق اپنے فرائض انجام دیے اور یہ ثابت کیا کہ پاکستان ہر مشکل وقت میں ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا جانتا ہے۔ آخر میں یہ کہنا بجا ہوگا کہ جنرل عاصم منیر ایک باصلاحیت، محنتی اور ذمہ دار سپہ سالار ہیں۔ انہوں نے حالیہ علاقائی کشیدگی کے دوران مثبت، متوازن اور قومی مفاد پر مبنی کردار ادا کیا۔ ان کی قیادت میں پاکستان نے امن، ذمہ داری اور استحکام کا پیغام دیا، جو نہ صرف قابلِ تعریف ہے بلکہ آنے والے وقت کے لیے امید افزا بھی ہے

ناصر CNG
اینڈ آٹو ورکشاپ
CNG اور آٹو پارٹس دستیاب ہیں
فری آئل چینج
مکینک: ناصر محمود 0332-5683901 0345-5259129
مکینک ظفر اقبال 0343-6818018

جہلم ویلی سے ایک ایماندار افسر کی مختصر مدت میں دیرپا اثرات چھوڑ کر رخصتی

تحریر: خواجہ شفاعت حسین

کبھی کبھی کسی علاقے کو ایسے افسر نصیب ہوتے ہیں جو اپنی موجودگی سے نظام میں بہتری، لوگوں میں اعتماد اور انصاف کی نئی مثال قائم کر دیتے ہیں۔ مگر بدقسمتی سے ایسے افسر زیادہ دیر تک ایک جگہ نہیں رہ پاتے۔ ضلع جہلم ویلی کے ایس پی سید عباس حسین شاہ گردیزی کا اچانک تبادلہ بھی ایک ایسا ہی واقعہ ہے جس نے عوام کو افسردہ کر دیا ہے۔ سید عباس حسین شاہ گردیزی سادات کے ایک معزز اور علمی گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں۔ وہ مرحوم سید ضمیر حسین شاہ، سابق پرنسپل ڈگری کالج چکار کے صاحبزادے ہیں۔ ان کا تعلق باغ کے علاقے ہاڑی گہل سے ہے۔ مرحوم والد کی بہترین تربیت اور اصولوں کی پاسداری ان کی شخصیت میں نمایاں دکھائی دیتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کم عمری کے باوجود ان میں وہ پختگی نظر آتی ہے جو اکثر تجربہ کار افسران میں بھی کم ہی دیکھنے کو ملتی ہے۔ اگرچہ ان کا جہلم ویلی میں قیام بہت مختصر رہا، لیکن اس دوران انہوں نے اپنی سنجیدگی، دیانت داری اور انصاف پسندی سے عوام کے دل جیت لیے۔ انہوں نے ''قانون و انصاف'' کی روح کیمطابق پولیس فورس کو لیڈ کیا، اور ایک ایسا ماحول پیدا کیا جہاں قانون، شہریوں کیلئے خوف نہیں بلکہ اعتماد و اطمینان کا باعث ہو۔ ان کی کوشش رہی کہ انصاف ہر شخص کی دہلیز تک بغیر کسی امتیاز کے پہنچے، اور وہ اس مقصد میں کافی حد تک کامیاب بھی رہے۔ ان کی بطور ایس پی تعیناتی ضلع جہلم ویلی کے لیے نہایت خوش آئند تھی لیکن مختصر مدت کے سبب ان کا کام ادھورا رہ گیا۔ قدرت نے ایس پی صاحب میں اس چھوٹی عمر میں ہی ایسی خوبیاں رکھی ہیں جو بڑے بڑے تجربہ کار اور عمر رسیدہ انتظامی افسران میں بھی نہیں پائی جاتیں۔ ایس پی صاحب نہایت سنجیدہ، کم گو، صاحب الرائے، نہایت دیندار اور معاملہ فہم آفیسر ہیں۔ انہی خوبیوں کی وجہ سے ایس پی صاحب نے بہت کم وقت میں عوام الناس کے دل جیت لیے اور انصاف کا ایک نظام متعارف کروایا جو ہر ایک کے لیے یکساں مساوات اور عدل پر مشتمل تھا۔ ہمارے ضلع کی بدنصیبی ہے کہ اتنے قیمتی ضلعی افیسر سے ہم محروم ہو گئے۔ اگر ایس پی صاحب کا تبادلہ اپنے ہوم اسٹیشن پر نہ ہوا ہوتا تو ہم عوام علاقہ جہلم ویلی حکومت سے اپیل کرتے کے ایسے ایماندار ضلعی آفیسر کو ہم سے جدا نہ کیا جائے۔ ان کے تبادلے پر مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے افسوس کا اظہار کیا ہے۔ سابق وزیر و ایم ایل اے صاحبزادہ اشفاق ظفر کے مطابق ضلع ایک قابل اور ایماندار افسر کی خدمات سے محروم ہو گیا ہے، ان کی بے مثال خدمات کو مدتوں یاد رکھا جائے گا۔ سابق چیئرمین ضلع کونسل سید بشیر حسین شاہ گیلانی نے اس تبادلے کو حیران کن قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایسے باصلاحیت افسر کا جانا عوام کے لیے نقصان ہے۔ گیلانی صاحب نے ایس پی صاحب کے شاندار مستقبل کے لیے اپنی نیک تمناوں کا اظہار کیا۔ گڑھی دوپٹہ کیسابق رینج آفیسر سید مقصود شاہ گیلانی نے بھی ان کی فرض شناسی اور شرافت کو سراہتے ہوئے انہیں ایک مثالی پولیس افسر قرار دیا۔ انجمن تاجران کھانڈہ بیلہ کے نائب صدر شہید خان صاحب نے رخصت ہونے والے ایس پی صاحب کو دل کی اتھا گہرائیوں سے دعاوں میں یاد کرتے ہوئے کہا ہیکہ ضلع ایک بہترین منتظم اور منصف مزاج افسر کی صلاحیتوں سے محروم ہو گیا ہے، جبکہ سابق پرنسپل ایلیمنٹری کالج چکار عبدالرشید خواجہ نے سید ضمیر حسین شاہ مرحوم کی اصول پسندی کا اعتراف کرتے ہوئے ان کے بیٹے ایس پی صاحب کی شخصیت کو ان کے والد کی تربیت کا عملی نمونہ قرار دیا۔ مذہبی و سماجی حلقوں نے بھی ان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ ناظم اعلیٰ درس ابوتراب، سید محمد اسحاق نقوی کے مطابق، ایس پی صاحب نے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے ضلع میں امن و امان کے قیام میں اہم کردار ادا کیا۔ نقوی صاحب نے اپنی نیک تمناوں کا اظہار کرتے ہوئے ایس پی صاحب کی کامیابی اور ترقی کی لیے دعا کی۔ سابق صدر انجمن مہاجرین اور ناظم اعلیٰ سنی کانفرنس الحاج محمد اقبال بھٹی نے اپنا اظہار خیال کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضلع جہلم ویلی کو ایسے منتظمین بہت کم میسر ہوے ہیں جو فرض شناسی اور قابلیت میں اپنی مثال آپ ہوں۔ ایس پی صاحب کے تبادلہ پر ضلع ویلی جہلم کے بہت سے سنجیدہ اور معتبر اشخاص نے اپنے تاثرات کا اظہار کیا ہے لیکن مضمون کی طوالت کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے ان کے تاثرات کو قلم بند کرنا ناممکن ہے۔ سجادیہ لیب مظفر آباد کے بانی خواجہ ذوالفقار جعفری مرحوم بھی سادات کے اس گھرانے کے بہت قریب رہے اور ایس پی عباس شاہ صاحب کے سسر سابق ایس پی مظفر آباد سید ارشد حسین نقوی صاحب کے انتہائی قریبی رفقاء میں رہے۔ خوش قسمتی سے سجادیہ لیب مظفر آباد کے خواجہ ابرار حسین، خواجہ کفایت حسین اور میرا تعلق بھی اسی ضلع سے ہے اور ہمارے آباو اجداد نے اسی سرزمین کو اپنا اوڑھنا بچھونا بنایا۔ ہمارے لیے سید ضمیر حسین شاہ صاحب کا گھرانا انتہائی قابل عزت اور باعث فخر ہے۔ اس تعلق اور رشتے کو ہمارے آباواجداد نے مل کر پروان چڑھایا یہ حقیقت ہے کہ سرکاری ملازمت میں تبادلے ایک معمول کا حصہ ہوتے ہیں، لیکن کچھ شخصیات ایسی ہوتی ہیں جن کی رخصتی ایک خلا پیدا کر دیتی ہے۔ سید عباس حسین شاہ گردیزی بھی انہی شخصیات میں شامل ہیں، جن کی کمی جہلم ویلی کے عوام طویل عرصے تک محسوس کریں گے۔ عوامی حلقوں کی جانب سے ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ ان کے اپنے ضلع باغ میں تعیناتی پر مبارک باد دیتے ہوئے دعائیں دی ہیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں صحت و سلامتی، کامیابی اور مزید ترقی عطا فرمائے، اور وہ مستقبل میں اعلیٰ عہدوں پر فائز ہو کر اسی جذبے کے ساتھ عوام کی خدمت جاری رکھیں۔ ہماری بھی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ایس پی سید عباس حسین شاہ گردیزی صاحب کو قدم قدم پر خوشیاں نصیب فرمائے۔ ضلع باغ کو ایسا بیضرر آفیسر مبارک ہو۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ شاہ صاحب ترقی کی منازل طے کرتے ہوئے ناصرف اپنے ادارے کی نیک نامی کا پرچم بلند رکھیں، اور جہاں بھی تعیناتی رہے شہریوں کا پولیس فورس پر اعتماد بڑھانے کیلئے کاوشیں کرتے رہیں۔ آمین۔

SHOWBIZ شوبز

83 برس کی عمر میں کام کرنا زندگی کا جوہر ہے، امیتابھ بچن

صبح کے اوقات تخلیقی سوچ کے لیے بہترین ہیں، لیکن ان کے نزدیک اصل چیز کام ہے

ممبئی (یو این پی) بالی ووڈ کے لیجنڈری اداکار امیتابھ بچن نے کہا ہے کہ 83 برس کی عمر میں بھی کام کرنا زندگی کا جوہر ہے۔ اپنے بلاگ امیتابھ نے لکھا کہ اس عمر میں اور اس جسمانی طاقت کے ساتھ کام کرنا سب سے اہم ہے اور وہ اسے زندگی کا جوہر سمجھتے ہیں۔ 83 سالہ اداکار نے کہا کہ کام ہی زندگی کی اصل روح ہے، چاہے وہ تخلیقی ہو یا جسمانی اور انسان کو آگے بڑھنے کے لیے مسلسل مصروف رہنا چاہیے۔ امیتابھ نے مزید کہا کہ صبح کے اوقات تخلیقی سوچ کے لیے بہترین ہیں، لیکن ان کے نزدیک اصل چیز کام ہے۔ انہوں نے لکھا، کام زندگی کا جوہر ہے، اس جسم پر کام اس عمر میں سب سے اہم ہے۔ اس سے قبل فروری میں بھی انہوں نے کہا تھا کہ وہ کام کرتے رہیں گے جب تک کر سکتے ہیں، کیونکہ کام نہ ہونے سے منفی احساسات جنم لیتے ہیں۔

اداکارہ میرا کا شادی سے متعلق سوال پر حیران کن جواب

آپ کو ہی میرے لیے رشتہ ڈھونڈنا ہوگا کیونکہ آپ ہی میرے سسرال والے ہیں، میرا

لاہور (یو این پی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ نے اپنی شادی سے متعلق سوال پر دلچسپ جواب دے کر سب کو حیران کر دیا۔ میرا ان دنوں اپنی آنے والی فلم سائیکو کی تشہیر میں مصروف ہیں، یہ فلم عیدالاضحیٰ 2026 پر نمائش کے لیے پیش کی جائے گی، جس میں شان شاہد مرکزی کردار ادا کر رہے ہیں جبکہ دیگر کاسٹ میں سونیا حسین بھی شامل ہیں۔ فلم کی کہانی اور ہدایت کاری بھی شان شاہد نے کی ہے جبکہ میرا اس فلم میں ایک سائیکو پیتھ کردار نبھا رہی ہیں، فلم کو جیو فلمز کے اشتراک سے پیش کیا جا رہا ہے۔ حال ہی میں فلم کی تشہیر کے سلسلے میں منعقدہ ایک پریس کانفرنس کے دوران میرا سے ان کی شادی سے متعلق سوال کیا گیا۔ ایک رپورٹر کے ہلکے پھلکے انداز میں کیے گئے سوال پر کہ اب تو کافی وقت ہو گیا ہے، آپ کو شادی کر لینی چاہیے، ہم سب اس لمحے کا انتظار کر رہے ہیں اور ہمارے پاس آپ کے لیے رشتے بھی ہیں۔ میرا نے مسکراتے ہوئے جواب دیا کہ میں شادی کے لیے تیار ہوں لیکن کوئی رشتہ نہیں ہے، اگر آپ لے آئیں تو میں تیار ہوں، آپ کو ہی میرے لیے رشتہ ڈھونڈنا ہوگا کیونکہ آپ ہی میرے سسرال والے ہیں۔

صبا فیصل نے شوہروں پر شک کرنے والی بیویوں کو مشورہ دیدیا

لاہور (یو این پی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف سینئر اداکارہ صبا فیصل کا کہنا ہے کہ بیوی کو اتنا مضبوط ہونا چاہیے کہ کوئی دوسری عورت اس کے شوہر جانب متوجہ نہ ہو۔ حال ہی میں صبا فیصل نے ایک پوڈکاسٹ میں شرکت کی، جہاں انہوں نے اپنے شوہر کے دفتر سے جڑا ایک دلچسپ واقعہ اور مردوں کے رویوں سے متعلق گفتگو کی۔ اپنے شوہر کی مبینہ مداح کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے صبا فیصل نے کہا کہ تقریباً 25 سال قبل میں اپنے شوہر کو لینے ان کے دفتر گئی اور ریسپشنسٹ سے کہا کہ انہیں بلا دیں، ریسپشنسٹ نے مجھ سے پوچھا کہ آپ کون ہیں؟

کپل شرما شو میں میری شمولیت نے اداکاری کے کیریئر پر منفی اثر ڈالا

میں نے ماضی میں کچھ کچھ ہوتا ہے، دے اور بول بچن جیسی فلموں میں معاون کردار ادا کیے ہیں

ممبئی (یو این پی) بھارتی اداکارہ ارچنا پورن سنگھ نے اپنے کیریئر سے متعلق انکشاف کیا ہے کہ مقبول ٹی وی شو دی کپل شرما شو میں میری شمولیت نے اداکاری کے کیریئر پر منفی اثر ڈالا ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ چار دہائیوں سے زائد عرصے پر محیط کیریئر کے باوجود فلم ساز اب بھی مجھے ایک سنجیدہ اداکارہ کے طور پر قبول کرنے میں ہچکچاہٹ محسوس کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لوگ مجھے صرف ایک ایسی شخصیت کے طور پر دیکھتے ہیں جو کرسی پر بیٹھ کر ہنستی ہے، جس کی وجہ سے مجھے اہم اداکاری کے مواقع نہیں مل رہے۔

آج کل اپنی نئی فلم ''ہے جوانی تو عشق ہونا ہے'' کی پروموشن میں مصروف ہوں

کسی بھی ایک فلم میں انہوں نے شاہ رخ خان کو کاسٹ نہیں کیا

ممبئی (یو این پی) بالی ووڈ کے نامور فلم ساز ڈیوڈ دھون نے 37 سالہ کیریئر میں ایک بار بھی سپر اسٹار اداکار شاہ رخ خان کے فلم کیوں نہیں بنائی؟ 74 سالہ ڈیوڈ دھون نے فلمسازی کا آغاز 1989 میں فلم طاقتور سے کیا تھا، 37 سالوں میں وہ 45 فلمیں بنا چکے، کسی بھی ایک فلم میں انہوں نے شاہ رخ خان کو کاسٹ نہیں کیا۔ نامور فلمساز نے کنگ خان کے ساتھ کبھی فلم نہ بنانے کے سوال کا جواب دیدیا اور کہا کہ ایک وقت تھا میں ان کے ساتھ فلم بنانے کا ارادہ رکھتا تھا لیکن مصروفیت بہت زیادہ تھی۔

کلاسیکل موسیقار استاد بڑے غلام علی خان کی برسی عقیدت واحترام سے منائی گئی

والد علی بخش خان اور چچا کالے خان پٹیالہ گھرانے کے مشہور موسیقار کرنیل فتح علی خان کے شاگرد تھے



اسلام آباد (یو این پی) برصغیر پاک و ہند کے عظیم کلاسیکل موسیقار استاد بڑے غلام علی خان کی برسی عقیدت واحترام سے منائی گئیں۔ وہ ممتاز پٹیالہ گھرانے سے تعلق رکھتے تھے۔ استاد بڑے غلام علی خان 4 اپریل 1902 کو قصور میں پیدا ہوئے تھے۔ ان کے دادا استاد ارشاد علی خان مہاراجہ رنجیت سنگھ کے دربار سے وابستہ اور اس کے رتنوں میں شامل تھے۔ ان کے والد علی بخش خان اور چچا کالے خان پٹیالہ گھرانے کے مشہور موسیقار کرنیل فتح علی خان کے شاگرد تھے۔ استاد بڑے غلام علی خان نے موسیقی کی تعلیم اپنے والد استاد علی بخش خان اور چچا استاد کالے خان سے حاصل کی اور پھر استاد عاشق علی خان پٹیالہ والے کے شاگرد ہو گئے۔

☆☆☆

خاتون انفلوئنسر نے ایک ہفتے میں 5 کلو وزن کم کر کے سب کو حیران کر دیا

رتنا چندو نامی سوشل میڈیا انفلوئنسر کی عمر 40 سال ہے اور 2 بچوں کی ماں ہیں

ممبئی (یو این پی) بھارت سے تعلق رکھنے والی خاتون انفلوئنسر نے ایک ہفتے میں 5 کلو وزن کم کر کے سوشل میڈیا پر توجہ حاصل کر لی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق رتنا چندو نامی سوشل میڈیا انفلوئنسر کی عمر 40 سال ہے اور 2 بچوں کی ماں ہیں جنہوں نے اپنے وزن میں نمایاں کمی لا کر سب کو حیران کر دیا۔ رتنا نے اپنا ڈائٹ پلان سوشل میڈیا پر اپنے فالوورز کے ساتھ بھی شیئر کیا جن کا دعویٰ ہے کہ ایک ہفتے میں 5 کلو وزن کم کیا جا سکتا ہے۔

☆☆☆

اداکار نیئر اعجاز کی ٹک ٹاک پر شیئر کی گئی ایک نئی ویڈیو سوشل میڈیا پر بحث کا موضوع بن گئی

لاہور (یو این پی) پاکستان کے معروف اداکار نیئر اعجاز کی ٹک ٹاک پر شیئر کی گئی ایک نئی ویڈیو سوشل میڈیا پر بحث کا موضوع بن گئی۔ نیئر اعجاز ڈرامہ انڈسٹری میں منفی کرداروں کی بہترین اداکاری کے لیے جانے جاتے ہیں، ماضی میں لاگ، لاج، دھواں، جنجال پورا، دور، برفی اور لڈو اور چیخ جیسے کامیاب ڈراموں کے علاوہ فلموں نامعلوم افراد 2، حیفا اِن ٹربل اور باجی میں بھی اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا چکے ہیں۔ حالیہ دنوں میں انہیں ڈائن اور سانول یار پیا میں عمدہ پرفارمنس پر بھی سراہا گیا۔ نیئر اعجاز سوشل میڈیا خصوصاً ٹک ٹاک پر کافی متحرک رہتے ہیں جہاں وہ اکثر ڈانس اور لپ سنگ ویڈیوز شیئر کرتے ہیں۔

☆☆☆

SPORTS سپورٹس

پاکستان سپر لیگ 11 میں آج مزید دو میچوں کا فیصلہ ہوگا

پہلا میچ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز اور کراچی کنگز جبکہ دوسرا میچ لاہور قلندرز اور پشاور زلمی درمیان کھیلا جائیگا

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان سپر لیگ سیزن 11 میں (آج) ہفتہ کو مزید دو میچوں کا فیصلہ ہو گا۔ پہلا میچ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز اور کراچی کنگز جبکہ دوسرا میچ لاہور قلندرز اور پشاور زلمی کے درمیان کھیلا جائیگا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے زیر اہتمام پی ایس ایل کے گیارہویں ایڈیشن کے دلچسپ مقابلوں کا سلسلہ جاری ہے جس میں شائقین کرکٹ کو کانٹے دار میچز دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ 25 اپریل بروز ہفتہ کو لیگ کیشیڈول کے مطابق پہلے میچ میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز اور کراچی کنگز کی ٹیمیں قذافی سٹیڈیم لاہور میں مدمقابل ہوں گی۔ یہ میچ دوپہر 2 بجکر 30

آئی پی ایل میں ہنگامہ، شائقین کے درمیان شدید جھگڑا

ایک تماشائی نے دوسرے کو اونچائی سے نیچے پھینک دیا

لکھنؤ (یو این پی) تنازعات کی زد میں رہنے والی لیگ آئی پی ایل ایک اور تنازع کے باعث خبروں کی زینت بن گئی۔ لکھنؤ کے اکانا اسٹیڈیم میں لکھنؤ سپر جائنٹس اور راجستھان رائلز کے درمیان میچ کے دوران شائقین کے درمیان شدید جھگڑا دیکھنے میں آیا جس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہوگئی۔ وائرل ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ تنازع اچانک شدت اختیار کر گیا اور ایک تماشائی نے دوسرے کو زور سے دھکا دے کر دو قطار نیچے سر کے بل گرا دیا جس سے وہاں موجود لوگوں میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ واقعے کے بعد دیگر تماشائی فوری طور پر حرکت میں آئے اور مبینہ حملہ آور کو قابو کر لیا، مشتعل ہجوم نے اسے پکڑ کر تشدد کا نشانہ بھی بنایا جس کے بعد اسے سیکیورٹی اہلکاروں کے حوالے کر دیا گیا۔ اس دوران اسٹیڈیم میں کچھ دیر کے لیے افراتفری کا

پی ایس ایل 11: نسیم شاہ ایک بار پھر انجری کا شکار

ان کی حالت اب کیسی ہے؟، اس حوالے سے فی الحال تفصیلات سامنے نہیں آسکیں

لاہور (یو این پی) ایچ بی ایل پی ایس ایل 11 میں نسیم شاہ ایک بار پھر انجری کا شکار ہوگئے۔ 6 میچز کے بعد راولپنڈی کی ٹیم میں واپسی کرنیوالے نسیم شاہ اسلام آباد کے خلاف میچ کھیل رہے تھے، نسیم شاہ نے ڈائیو لگا کر باؤنڈری روکنے کی کوشش کی جس کے بعد انہیں میدان چھوڑنا پڑا۔ انجرڈ ہونے کے بعد نسیم شاہ کو فیلڈ سے باہر لے جایا گیا۔ ان کی حالت اب کیسی ہے؟، اس حوالے سے فی الحال تفصیلات سامنے نہیں آسکیں۔ قبل ازیں نسیم شاہ کراچی کنگز کے خلاف سائیڈ انجری کا شکار ہوگئے تھے۔

☆☆☆

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم
اندراج تاریخ پیدائش
اندراج تاریخ وفات
اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام
درستگی نام
اعلان لاتعلقی
عاق نامہ
اطلاع گمشدگی
تحصیلدار و راشتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔
Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ نے پی ایس ایل کیلئے دو اہم کھلاڑیوں کا این او سی منسوخ کر دیا

ڈھاکا (یو این پی) بنگلہ دیش کرک

بقیہ 1

ہیں۔ روزمرہ استعمال کی اشیاء خصوصاً دودھ، دہی، مشروبات اور دیگر خوردنی سامان کھلے عام ملاوٹ کے ساتھ فروخت ہو رہا ہے، جبکہ کارروائیوں کا تسلسل نظر نہیں آ رہا۔ مقامی شہریوں کا کہنا ہے کہ خالص دودھ کا حصول اب خواب بن چکا ہے، جبکہ بازاروں میں دستیاب دہی اور مشروبات کے معیار پر بھی شدید تحفظات ہیں۔ عوام کا دعویٰ ہے کہ ناقص اور مضرِ صحت اشیاء کے استعمال سے بچوں اور بڑوں میں مختلف بیماریوں میں اضافہ ہو رہا ہے، لیکن پنجاب فوڈ اتھارٹی اور محکمہ صحت کے افسران کی جانب سے مؤثر اور مستقل نگرانی کا فقدان ہے۔ شہری حلقوں نے سوال اٹھایا ہے کہ اگر پنجاب فوڈ اتھارٹی ان علاقوں میں کارروائیاں کر رہی ہے تو پھر خالص دودھ، دہی اور دیگر اشیاء کیوں میسر نہیں؟ اگر ادارہ ملاوٹ مافیا کو لگام دینے میں ناکام ہے تو پھر ایسے محکمے کی موجودگی پر بھی سوالیہ نشان ہے؟ کم از کم اسے ختم کر کے قومی خزانے کے کروڑوں روپے تو بچائے جا سکتے ہیں۔ عوامی حلقوں نے اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ذمہ دار افسران کے خلاف سخت کارروائی کی جائے اور خالص اشیائے خوردونوش کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ عوام کا کہنا ہے کہ اگر فوری اقدامات نہ کیے گئے تو یہ مسئلہ سنگین صحت بحران کی شکل اختیار کر سکتا ہے، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ اداروں پر عائد ہوگی۔

بقیہ 2

کے تبادلے میں 22 خوارج مارے گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق گرفتاری کے خوف اور بزدلی کے باعث خوارج نے اندھا دھند فائرنگ کی، فائرنگ کی زد میں آ کر ایک 10 سالہ معصوم بچہ شہید ہو گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقاتِ عامہ نے بتایا کہ ہلاک خوارج سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا، خوارج علاقے میں متعدد دہشت گرد کارروائیوں میں ملوث تھے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق علاقے میں موجود مزید کسی بھی خارجی کے خاتمے کے لیے سرچ اور کلیئرنس آپریشن جاری ہے۔

بقیہ 3

ئد پوائنٹس کی کمی کے ساتھ پاکستان سٹاک ایکسچینج میں ہنڈرڈ انڈیکس ایک لاکھ 66ہزار 380 پوائنٹس کی سطح پر آ گیا ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ کاروباری دن کے اختتام پر ہنڈرڈ انڈیکس 2405 پوائنٹس کی کمی کیساتھ ایک لاکھ 69ہزار 173 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا تھا۔ دوسری جانب ایشیائی سٹاک مارکیٹس میں بھی ملا جلا رجحان برقرار ہے۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق جاپان کے نکی انڈیکس میں 0.64 فیصد کی تیزی ریکارڈ کی گئی ہے، ملائیشیا کی فٹسی برسا انڈیکس میں 0.66 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ انڈونیشیا کے جکارتہ کمپوزٹ انڈیکس میں 2.16 فیصد گراوٹ دیکھنے میں آئی، چین کا شنگھائی کمپوزٹ انڈیکس 0.58 فیصد گر گیا، جبکہ ہانگ کانگ کے ہینگ سینگ انڈیکس میں 0.20 فیصد مندی ریکارڈ کی گئی ہے۔

بقیہ 4

پہنچایا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق پاکستانی فضائی حدود کی بندش سے بھارتی پروازوں کو اضافی وقت درکار اور یومیہ اخراجات میں لاکھوں ڈالر اضافہ ہو رہا ہے، بھارت سے امریکہ اور یورپ جانے والی پروازوں کو طویل اور مہنگے روٹ استعمال کرنے پڑتے ہیں۔ پاکستانی حدود کی بندش کے باعث طویل روٹ کی بھارتی پروازوں کو راستے میں کسی دوسرے ملک سے ری فیولنگ بھی کرنا پڑتی ہے جبکہ پاکستانی فضائی حدود کی بندش سے بھارتی ایئر لائنز کو سالانہ 800 ملین ڈالر کا نقصان اٹھانا پڑ سکتا ہے۔ ماہرین کے مطابق بھارت پاکستان کیخلاف اپنے غیر منطقی اقدامات کا خمیازہ ناقابل تلافی معاشی نقصانات کی صورت میں بھگت رہا ہے تاہم پاکستان کی فضائی حدود کی بندش میں مزید توسیع سے بھارتی ایئر لائنز کو کئی ممالک کے روٹ ختم کرنا پڑیں گے۔ علاوہ ازیں، بھارت کی جانب سے اٹھائے گئے اقدامات کے جواب میں پاکستان کا ردعمل اسے ذمہ دار ریاست کے طور پر پیش کرتا ہے۔

بقیہ 5

موقع پر پاک چین سفارتی تعلقات کی 75ویں سالگرہ کی مناسبت سے ثقافتی ہم آہنگی، علمی تبادلوں اور کتاب دوستی کے فروغ پر خصوصی توجہ دی گئی۔ جمعرات کے روز تقریب میں دونوں ممالک کے دیرینہ تعلقات، باہمی اعتماد اور مشترکہ ترقی کے مختلف پہلوؤں پر سیر حاصل گفتگو کی گئی۔ تقریب میں قلم کاروں، محققین، اساتذہ، تھنک ٹینکس کے نمائندگان اور سیاسی و سماجی شخصیات نے شرکت کی، جس سے اس علمی نشست کی اہمیت اور افادیت مزید اجاگر ہوئی۔ اس موقع پر صدر مجلس، پارلیمانی سیکرٹری برائے قومی ورثہ و ثقافت ڈویژن فرح ناز اکبر نے اپنے خطاب میں کہا کہ کتاب انسان کی بہترین رہنما اور فکری تربیت کا مؤثر ذریعہ ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پاک چین سدا بہار دوستی کو کتابوں اور علمی سرگرمیوں کے ذریعے نوجوان نسل تک مؤثر انداز میں منتقل کیا جا سکتا ہے، تاکہ آنے والی نسلیں اس تاریخی رشتے کی اہمیت کو بہتر طور پر سمجھ سکیں۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی سینیٹر مشاہد حسین سید نے اپنے خطاب میں پاک چین تعلقات کی سات دہائیوں پر محیط کامیاب اور تعاون پر مبنی داستان کو نہایت بلیغ انداز میں پیش کیا۔ انہوں نے نوجوانوں کو اس تاریخی دوستی سے سبق سیکھنے اور اسے مزید مضبوط بنانے میں اپنا کردار ادا کرنے کی تلقین کی۔ ڈائریکٹر جنرل ادارہ فروغ قومی زبان پروفیسر ڈاکٹر محمد سلیم مظہر نے ادبی و ثقافتی روابط کے فروغ کو پاک چین دوستی کو مزید گہرا کرنے کا اہم ذریعہ قرار دیا اور اس حوالے سے نہایت بصیرت افروز تجاویز پیش کیں۔ صدر نشین اکادمی ادبیات پاکستان ڈاکٹر نجیبہ عارف نے کہا کہ پاک چین تعلقات ہر شعبے میں مثالی حیثیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے نوجوانوں کے درمیان علمی مکالمے اور باہمی روابط کو مزید فعال بنانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ چین کے تجربات سے سیکھ کر پاکستان ترقی کے نئے مواقع حاصل کر سکتا ہے۔ ممتاز ماہرِ معاشیات بلال جنجوعہ نے کہا کہ پاک چین تعاون میں مزید وسعت کی گنجائش موجود ہے۔ انہوں نے چین کی تیز رفتار اور پائیدار ترقی کو ایک عملی نمونہ قرار دیتے ہوئے اس امر پر زور دیا کہ پاکستان کو تعاون کے مختلف پلیٹ فارمز سے بھرپور استفادہ کرنا چاہیے۔ معروف ماہرِ تعلیم اور سی پیک کے سابق پروجیکٹ ڈائریکٹر ڈاکٹر حسان داؤد بٹ نے چینی صدر شی جن پھنگ کے عالمی وژن اور اقدامات کا حوالہ دیتے ہوئے اقوام کے درمیان باہمی احترام، شراکت داری اور ثقافتی ہم آہنگی کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ چین کی ترقی کا ماڈل طویل المدتی منصوبہ بندی اور تسلسل کا عملی مظہر ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پاک چین تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے لیے تعلیمی، تحقیقی اور ثقافتی روابط کو وسعت دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انچارج چائنا سٹڈی سنٹر، کامسیٹس یونیورسٹی، سعدیہ حیدر نے کہا کہ تعلیمی میدان میں پاک چین تعاون نہایت حوصلہ افزا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستانی طلبہ بڑی تعداد میں چینی جامعات میں اعلیٰ تعلیم اور جدید ٹیکنالوجی کے حصول میں مصروف ہیں، جو مستقبل میں دونوں ممالک کے تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے۔ معروف ٹی وی آرٹسٹ وصحافی ربیکا عبدل نے اپنے تجربات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ چین میں ان کا صحافتی قیام ترقی، نظم و ضبط اور قومی وابستگی کا ایک منفرد اور متاثر کن تجربہ رہا، جہاں قیادت اور عوام کے درمیان ہم آہنگی نمایاں طور پر دکھائی دیتی ہے۔ تقریب کے اختتام پر مقررین نے مختلف اہم

اور معلوماتی کتب کا حوالہ دیتے ہوئے چین کی ترقی، قیادت کی دوراندیشی اور پائیدار پالیسیوں کو اجاگر کیا۔ اس علمی نشست نے نہ صرف کتاب دوستی کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا بلکہ چین اور پاکستان کے درمیان فکری، ثقافتی اور تعلیمی روابط کو مزید مستحکم کرنے کی نئی راہیں بھی روشن کیں۔

بقیہ 6

بڑھے، ملکی زرمبادلہ ذخائر 17 اپریل کو 20 ارب 62 کروڑ 28 لاکھ ڈالر رہے۔ سٹیٹ بینک کے ذخائر 1.81 کروڑ ڈالر بڑھ کر 15.09 ارب ڈالر ہو گئے جبکہ کمرشل بینکوں کے ذخائر 8.59 کروڑ ڈالر کے اضافے سے 5.53 ارب ڈالرز ہو گئے۔ سٹیٹ بینک کے مطابق رواں مالی سال ملکی زرمبادلہ کے ذخائر 1 ارب 36 کروڑ ڈالرز بڑھے، کرنٹ اکاؤنٹ سرپلس ہے، اندازے ہیں کہ عید ترسیلات سے ذخائر بڑھیں گے۔ سٹیٹ بینک نے کہا کہ حج پر جانے والے اپنے خرچ کا زرمبادلہ لے کر بھی جائیں گے، یورو بانڈ کے 25 کروڑ ڈالرز کا گرین شو آپشن ان فلو بھی آیا ہے۔ سٹیٹ بینک کے مطابق جنگ بندی سے تیل اور گیس کی ادائیگیاں بھی آسان ہوں گی۔ سٹیٹ بینک کے مطابق اس ہفتے سعودی عرب نے 1 ارب ڈالرز جمع کرائے جبکہ اس ہفتے یو اے ای کو 1 ارب ڈالرز کی ادائیگی کی گئی، یہ اعداد آئندہ ہفتے کے ڈپازٹس میں شامل ہوں گے۔

بقیہ 7

سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیاں قابلِ فخر ہیں۔ جمعہ کو ایوانِ صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے دہشت گردوں کی بلا اشتعال فائرنگ کے نتیجے میں 10 سالہ معصوم بچے کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور اہلِ خانہ سے تعزیت کی۔ انہوں نے کہا کہ ایسے وقت جب پاکستان کی قیادت خطے اور دنیا میں امن کے لیے سرتوڑ کوشش کر رہی ہے دہشتگرد ہماری اس کوشش کو کمزور کرنا چاہتے ہیں۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ ہم دہشتگردی کو بھی شکست دیں گے اور خطے اور دنیا میں امن کیلیے اپنا قائدانہ کردار بھی ادا کرتے رہیں گے۔

بقیہ 8

نے شہریوں کو سڑکوں پر نکلنے پر مجبور کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق شہر کے مرکزی نالے کی گہرائی سے صفائی کرنے کے بجائے ٹھیکیدار نے صرف اوپری سطح سے کچرا ہٹا کر سب اچھا ہے کی رپورٹ اعلیٰ حکام کو ارسال کر دی ہے۔ منظرِ عام پر آنے والی ویڈیو نے ٹھیکیدار کے دعوؤں کی دھجیاں اڑا دیں، جس میں صاف دیکھا جا سکتا ہے کہ نالے کی تہہ میں گندگی کے ڈھیر جوں کے توں موجود ہیں۔ علاقہ مکینوں نے دہائی دیتے ہوئے کہا ہے کہ اگر نالے کی مکمل اور گہرائی تک صفائی نہ کی گئی تو آنے والے برسات کے موسم میں نالہ پھر جائے گا، جس سے پانی گھروں میں داخل ہو کر قیمتی سامان کی بربادی کا سبب بنے گا۔ شہریوں نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ نالے کی صفائی نہیں بلکہ قومی خزانے کی صفائی ہو رہی ہے۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب، کمشنر راولپنڈی اور اے سی گوجر خان سے مطالبہ کیا ہے کہ اس میگا کرپشن اور ناقص کارکردگی کا فوری نوٹس لیا جائے اور کسی فرض شناس افسر کی نگرانی میں ازسرِ نو صفائی کا کام شروع کرایا جائے۔ انہوں نے وارننگ دی کہ اگر لوٹ مار کا یہ سلسلہ بند نہ ہوا تو شدید احتجاج کیا جائے گا۔

بقیہ 9

اوقات میں دو گھنٹے تک لوڈ مینجمنٹ کی۔ 23 اپریل رات پیک اوقات میں بجلی صورتحال پر جاری بیان میں ترجمان نے بتایا کہ ملک میں بجلی کی طلب میں اضافہ ہوا ہے، ملک کی کل پن بجلی کی استعداد 11500 میگاواٹ ہے، پن بجلی کی پیداوار میں اضافے سے ملک کے جنوب سے نیشنل گرڈ میں استحکام کی بدولت مزید 500 میگاواٹ سنٹر ترسیل میں آسانی ہوئی ترجمان نے کہا کہ ملک کے جنوب سے گزشتہ رات 22 اپریل کی نسبت 100 میگاواٹ اضافی بجلی ترسیل کا اضافہ ہوا۔ ترجمان نے بتایا کہ ملک میں زیادہ نقصانات والے فیڈرز پر اکنامک لوڈ مینجمنٹ پالیسی کے تحت کی جا رہی ہے، اکنامک لوڈ مینجمنٹ کا پیک اورز میں لوڈ مینجمنٹ سے کوئی تعلق نہیں۔ ترجمان کے مطابق ایل این جی کی عالمی حالات کے بنا پر عدم دستیابی سے 5500 میگاواٹ کے پاور پلانٹس سے بجلی پیدا نہیں ہو رہی، ایل این جی کی دستیابی اور پانی کے اخراج میں اضافے سے رات کے اوقات کا شارٹ فال ختم ہو جائے گا۔

بقیہ 10

کچھ عرصے سے سوشل میڈیا اور دیگر ذرائع ابلاغ پر ایک منظم انداز میں صدر مملکت کی شخصیت کو متنازع بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے جو کہ نہ صرف افسوسناک ہے بلکہ قومی مفاد کے بھی منافی ہے۔ ایسے عناصر بے بنیاد افواہوں اور قیاس آرائیوں کے ذریعے عوام کو گمراہ کرنے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں۔ مخدوم احمد محمود نے کہا کہ آصف علی زرداری ایک تجربہ کار، مدبر اور دور اندیش سیاستدان ہیں جنہوں نے ہمیشہ قومی مفاد کو ترجیح دی اور ملک کو مشکل حالات میں سیاسی استحکام فراہم کیا۔ ان کی مفاہمتی سیاست اور سیاسی بصیرت ہی وہ عوامل ہیں جن کی بدولت جمہوری نظام کو تسلسل ملا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ماضی میں بھی اسی نوعیت کی منفی مہمات چلائی جاتی رہی ہیں مگر ہر بار حقائق نے جھوٹے بیانیے کو بے نقاب کیا۔ صدر مملکت کے خلاف بیہودہ یا ذاتی معاملات کو بنیاد بنا کر پروپیگنڈا کرنا اخلاقی گراوٹ اور سیاسی دیوالیہ پن کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آصف علی زرداری نے اپنی سیاسی جدوجہد میں بے مثال قربانیاں دی ہیں، جن میں طویل قید و بند بھی شامل ہے، مگر انہوں نے کبھی اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کیا۔ ان کے خلاف قائم کیے گئے مقدمات عدالتوں میں ثابت نہ ہو سکے، جو ان کی بے گناہی کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے اس امر پر بھی روشنی ڈالی کہ صدر مملکت کی حالیہ سفارتی سرگرمیاں، خصوصاً چین کا دورہ، پاکستان کے عالمی تعلقات کے استحکام میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔ انہوں نے ہمیشہ وفاق کی یکجہتی اور قومی وحدت کے فروغ کے لیے نمایاں خدمات انجام دی ہیں۔ مخدوم احمد محمود نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی تعمیری تنقید کا خیر مقدم کرتی ہے تاہم منفی پروپیگنڈا اور کردار کشی کی سیاست کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ صدر مملکت اپنی آئینی مدت مکمل کریں گے اور کسی بھی دباؤ کو خاطر میں نہیں لائیں گے۔ آخر میں انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان پیپلز پارٹی آئین کی بالادستی، جمہوریت کے استحکام اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی اور کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی۔

بقیہ 11

راہم خدشات کے معاملات میں مضبوط حمایت جاری رہی ہے، جبکہ مختلف شعبوں میں دوستانہ تعاون میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے، جس سے دونوں ممالک کے عوام کو حقیقی فوائد حاصل ہوئے ہیں۔ صدر شی جن پھنگ کا کہنا تھا کہ وہ چین۔ بینن تعلقات کی ترقی کو بہت اہمیت دیتے ہیں اور نومنتخب صدر کے ساتھ مل کر چین۔ افریقہ تعاون فورم بیجنگ سمٹ کے نتائج پر موثر عمل درآمد جاری رکھنے کے خواہاں ہیں، تاکہ چین۔ بینن اسٹریٹجک شراکت داری کے تعلقات کو نئی بلندیوں تک پہنچایا جا سکے۔

بقیہ 12

ی مصری دورہ ہو گا۔ امریکی جنرل کی مصری دارالحکومت میں اعلیٰ سطحی ملاقاتوں کا سلسلہ متوقع ہے، جس میں غزہ کی پیچیدہ سکیورٹی اور زمینی صورتحال پر مصری حکام کے ساتھ بات چیت کی جائے گی۔ یہ دورہ اس منصوبے کے نفاذ کے تناظر میں ہو رہا ہے، جس کا مقصد غزہ میں غیر مسلح کاری، انسانی امداد کی ترسیل اور تعمیرِ نو کے عمل کی نگرانی ہے۔

بقیہ 13

زوں کے ساتھ کیا ہوا ہے۔

بقیہ 14

کے خاتمے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 15

لیا، زیرِ حراست گینگ سے مسروقہ رقم 36 ہزار 500 روپے اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد ہوا، زیرِ حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، ایس پی پوٹھوہار سردار بابر ممتاز خان کا کہنا تھا کہ شہریوں کو قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 16

، زیرِ حراست افراد کے خلاف کارروائیاں تھانہ کلر سیداں، صادق آباد اور گوجر خان کے علاقوں میں کی گئیں، ڈوبڑ مل ایس پیز کا کہنا تھا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 17

اڈ کے خلاف سخت کارروائی کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ پانچواں، دفاعی تعاون کو مزید فروغ دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ چھٹا، بین الاقوامی اور علاقائی امور خاص طور پر طاقت کی سیاست اور دھونس کے خلاف مشترکہ موقف اپنانے اور عالمی آزاد تجارت کے تحفظ کے لیے قریبی ہم آہنگی جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 18

انتظامیہ کو متنبہ کرتے ہوئے یہ بھی کہا کہ آپریشن میں بلاتفریق کارروائی کا جو سلسلہ شروع ہوا ہے، اسے برقرار رہنا چاہیے۔ ایسا ہرگز نہیں ہونا چاہیے کہ غریب کا کھوکھا تو گرا دیا جائے لیکن بااثر پلازہ مالکان کو رعایت دے دی جائے۔ عوام پر امید ہیں کہ جن بڑی عمارتوں اور پلازوں کی نشاندہی ہو چکی ہے، ان کے خلاف بھی اسی آہنی ہاتھ سے کارروائی ہوگی تاکہ انصاف کے تقاضے پورے ہو سکیں۔ تفصیلات کے مطابق، انڈر پاس پروجیکٹ کی راہ میں حائل رکاوٹیں دور کرنے کے لیے وکلاء چیمبرز، خدمت مرکز، بلدیہ آفس، ایس ڈی پی او آفس، تھانہ اور چرچ کی بیرونی دیواروں سمیت متعدد سرکاری و نجی املاک کو پہلے ہی مسمار کیا جا چکا تھا۔ تاہم، کھوکھا بازار کے تاجروں کو 23 اپریل تک کی مہلت دی گئی تھی۔ گزشتہ رات گئے تک دکانداروں نے کسی بھی بدمزگی یا مزاحمت سے بچنے کے لیے اپنی مدد آپ کے تحت 300 سے زائد کھوکھے خالی کر کے مسمار کر دیے۔ 24 اپریل جب مقامی و ضلعی انتظامیہ اور این ایچ اے کی ٹیمیں بھاری مشینری کے ہمراہ موقع پر پہنچیں تو 99 فیصد جگہ پہلے ہی صاف ہو چکی تھی۔ عموماً ایسے آپریشنز میں تصادم اور گرفتاریوں کا خدشہ رہتا ہے، لیکن گوجر خان کے متوسط اور محنت کش طبقے نے پُرامن طریقے سے جگہ خالی کر کے ایک نئی تاریخ رقم کر دی۔ عوامی اور سماجی حلقوں نے جہاں اس اقدام کو سراہا، وہیں سینکڑوں خاندانوں کے چولہے ٹھنڈے ہونے پر شدید تشویش اور دکھ کا اظہار بھی کیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اس ہوشربا مہنگائی میں ان دیہاڑی دار طبقوں کی کمر ٹوٹ چکی ہے۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز اور ضلعی انتظامیہ سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ ان متاثرین کو ترجیحی بنیادوں پر متبادل جگہ فراہم کی جائے تاکہ وہ اپنے بچوں کا پیٹ پال سکیں۔

بقیہ 19

امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وانگ وین تاؤ نے کہا کہ رواں سال چین کے ''پندرہویں پانچ سالہ منصوبے'' کا آغاز ہے اور چین اعلیٰ سطح کے کھلے پن کی پالیسی کو مزید وسعت دے گا، جس سے مرسڈیز بینز سمیت غیر ملکی کمپنیوں کو چین میں سرمایہ کاری، ترقی اور عالمی مسابقت میں حصہ لینے کے لیے مستحکم ماحول اور وسیع مواقع میسر آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ چین اور یورپی یونین نے برقی گاڑیوں کے معاملے کو مناسب طریقے سے حل کر کے یہ واضح پیغام دیا ہے کہ دونوں فریق اختلافات کو مذاکرات کے ذریعے حل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ تاہم حالیہ عرصے میں یورپی یونین کی جانب سے بعض ایسے معاشی و تجارتی اقدامات کیے گئے ہیں جن میں تحفظ پسندانہ رجحان پایا جاتا ہے، جو چین۔ یورپ اقتصادی تعلقات کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔ چین نے اس پر سخت تشویش کا اظہار کیا ہے اور اپنے کاروباری اداروں کے جائز حقوق کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے۔ اولا کا کلینیکس نے کہا کہ مرسڈیز بینز چین کی منڈی میں طویل المدتی بنیادوں پر اپنی موجودگی برقرار رکھے گی اور سرمایہ کاری میں اضافہ کرے گی، جبکہ چین کے شراکت داروں کے ساتھ مل کر برقی گاڑیوں اور ذہین ٹیکنالوجی کے شعبوں میں جدت کو فروغ دے گی۔ انہوں نے کہا کہ یورپی آٹو موبائل صنعت چین کے ساتھ تعاون کو اہمیت دیتی ہے اور دونوں فریقوں کے درمیان تجارتی تنازعات کو بات چیت کے ذریعے حل کرنے کی حمایت جاری رکھے گی۔

بقیہ 20

ں نے کہا کہ نہیں ہم ناراض نہیں کیونکہ امریکا بھی دیگر ممالک کے ساتھ ایسا کرتا ہے۔

بقیہ 21

پاکستان کی کامیاب سفارت کاری کی بدولت ممکنہ عالمی جنگ رکوا کر کروڑوں انسانی زندگیوں کو بچایا گیا ہے۔ پاکستان نے حالیہ حالات میں سفارت کاری کے ذریعے ایک نئی امید کو جنم دیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ معاملات اور تنازعات کا حل سفارت کاری ہے، پاکستان کا یہ موقف پوری دنیا نے تسلیم کیا ہے۔ سفارت کاری سے ہی پوری دنیا میں امن، تجارت اور سیاحت کو فروغ دیا جا سکتا ہے۔ مسئلہ کشمیر کا حل بھی مثبت سفارت کاری کے ذریعے ممکن ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ سفارت کاری کے ذریعے موسمیاتی تبدیلی، غربت اور تنازعات کے حل کے لیے اجتماعی کوشش عملی شکل اختیار کر سکتی ہے۔ حالیہ عالمی بحران میں کامیاب سفارت کاری نے پاکستان کو ایک ذمہ دار عالمی ریاست کے طور پر مزید مضبوط کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ سفارت کاری تنازعات کو حل کرنے اور اقوام کے درمیان تعاون کو فروغ دینے کے عزم کا نام ہے۔ سفارت کاری، مکالمے، افہام و تفہیم سے پیچیدہ مسائل کا حل بھی ممکن ہو سکتا ہے۔

بقیہ 22

ر ذوالفقار علی خان کھوسہ مرحوم کے اچانک سے تعزیت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ مہنگائی اور لوڈ شیڈنگ کے خلاف احتجاج منسوخ نہیں بلکہ ملتوی کیا گیا ہے، اب وقت آ گیا ہے کہ آئین، اٹھارہویں ترمیم اور صوبائی خودمختاری کا دفاع کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف آئین کی بات کی جاتی ہے اور دوسری طرف پارلیمنٹ کو ربڑ اسٹیمپ بنا دیا گیا ہے۔ مولانا فضل الرحمان نے اٹھارہویں ترمیم، صوبائی خودمختاری اور این ایف سی ایوارڈ کو صوبوں کا حق قرار دیا اور کہا کہ ان میں تبدیلی کی کوششیں کی جا رہی ہیں، مولانا فضل الرحمان نے خبردار کیا کہ مقاصد حاصل نہ ہونے پر صوبوں کو توڑنے کی باتیں بھی سامنے آ رہی ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ امن و امان صوبائی معاملہ ہے، اگر کسی صوبے کو ضرورت ہو تو وہ آئین کے مطابق وفاق سے مدد لے سکتا ہے، مگر اس بنیاد پر آئینی ترامیم کی بات کرنا بلیک میلنگ ہے۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ مہنگائی، لوڈ شیڈنگ اور حکومتی اقدامات کے خلاف ملک گیر احتجاج کی کال دی گئی تھی، تاہم عالمی جنگ روکنے کے لیے حالات کے پیش نظر اس احتجاج کو وقتی طور پر موخر کیا گیا ہے منسوخ نہیں کیا گیا۔ انہوں نے خطے کی موجودہ صورتحال پر بات کرتے ہوئے کہا کہ ایران امریکا تنازعہ کے باعث پیدا ہونے والی کشیدگی نے مسلم دنیا پر دباؤ میں اضافہ کر دیا ہے جس کے اثرات پورے خطے میں محسوس کیے جا رہے ہیں۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ سردار ذوالفقار علی خان کھوسہ کے ساتھ ان کے دیرینہ اور خوشگوار تعلقات رہے اور مختلف سیاسی معاملات پر باہمی مشاورت بھی ہوتی رہی۔ انہوں نے مرحوم کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ سردار ذوالفقار علی خان کھوسہ نہ صرف اپنے قبائل بلکہ پورے وسیب کے ایک بڑے رہنما تھے جن کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

بقیہ 23

کے بارے میں غلط معلومات پھیلائی گئی ہیں، تمام سولر نیٹ بلنگ صارفین کو نیپرا سے منظوری لینا ہوگی۔ حکام نے واضح کیا کہ 25 کلوواٹ سے کم کیپیسٹی والے کنکشن کی منظوری کا اختیار تقسیم کار کمپنیوں کے پاس تھا، آف گرڈ صارفین کا نیپرا منظوری سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ نیپرا حکام کے مطابق نئے ریگولیشنز سے پہلے نیپرا 25 کلوواٹ سے زائد کنکشن کی منظوری دیتی تھی، آن گرڈ سولر کنکشن کیلیے صرف ون نائم ایک ہزار فی کلوواٹ فیس رکھی گئی ہے۔ حکام نے واضح کیا کہ سولر پر کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا گیا۔

بقیہ 24

سے قبضے میں لے لیا، جہاز پر 11 پاکستانی کریو بھی موجود ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ وزارت بحری امور کے ڈائریکٹوریٹ آف پورٹ کا پاکستانی کریو سے رابطہ نہیں ہو سکا جبکہ جہاز پر بھیجے والی ایجنسی بھی خاموش ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کریو کے خاندان نے بتایا کہ انڈونیشیا کیپٹن کی رہائی کیلیے انڈونیشیا قنڈاتوں سے بات چیت کر رہے ہیں، حکومت سے مطالبہ ہے کہ پاکستانی عملے کی بحفاظت واپسی کیلیے فوری اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 25

دار کو مثالی بنائے اور واپس آ کر بھی ان تعلیمات کو اپنی زندگی کا حصہ بنائے۔

بقیہ 26

ئے کہا کہ گفتگو میں دونوں وزرائے خارجہ نے پاکستان اور ایران کے درمیان خطے کی صورتحال اور جنگ بندی پر تبادلہ خیال کیا۔ ترجمان نے بتایا کہ اسلام آباد کی جانب سے امریکا ایران رابطوں میں جاری سفارتی کوششوں پر گفتگو کی گئی۔ اسحاق ڈار نے مسائل کے حل کیلیے مسلسل مذاکرات کی اہمیت پر زور دیا اور کہا کہ خطے میں امن و استحکام کے لیے فوری پیشرفت ناگزیر ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق عباس عراقچی نے پاکستان کے تعمیری اور مثبت کردار کو سراہا اور دونوں رہنماؤں نے رابطے میں رہنے پر اتفاق کیا۔ خیال رہے کہ پاکستان کی جانب سے امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی کے لیے مسلسل کوششیں جاری ہیں۔ پاکستان کی جانب سے وزیر اعظم شہباز شریف، وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل عاصم منیر امریکا اور ایران سمیت مختلف ممالک کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہیں۔

بقیہ 27

س بلانے کی درخواست قبول نہیں کی جا سکتی، بغیر وجہ تبادلہ جج کو سزا دینے کے مترادف ہوگا لہٰذا جوڈیشل کمیشن کا اجلاس مخصوص مقصد کے لیے بلانا ممکن نہیں۔ جسٹس یحییٰ آفریدی نے اپنے جواب میں لکھا کہ سندھ سے تعلق رکھنے والے ججوں کی واپسی وفاقی توازن کے خلاف ہوگی، اسلام آباد ہائیکورٹ میں صوبوں کی نمائندگی ختم ہو جائیگی، اسلام آباد ہائیکورٹ ایکٹ 2010 کے تقاضے متاثر ہوں گے اور 9 میں سے 5 ججوں کے تبادلے سے عدالتی نظام متاثر ہو سکتا ہے۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کے چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ کو لکھے گئے خط کے مطابق متعدد آسامیوں کے خالی ہونے سے عدالتی غیر یقینی صورتحال پیدا ہو جائیگی، ہائیکورٹ ججوں کے تبادلے کے لیے کوئی واضح وجہ یا ادارہ جاتی ضرورت بیان نہیں کی گئی، آئین کسی جج کو ہٹانے کا آرٹیکل 209 میں واضح طریقہ کار فراہم کرتا ہے۔ خط کے متن میں کہا گیا کہ آرٹیکل 209 کے تحت ہی جج کے خلاف کارروائی ممکن ہے، ججوں کے انتظامی تبادلے کرنا آئین کے منافی ہوگا، ایسا کرنے سے عدلیہ کی آزادی اور خودمختاری متاثر ہو سکتی ہے لہٰذا ججوں کو قابلِ تبادلہ انتظامی افسر سمجھنا خطرناک رجحان ہوگا، ایسے تبادلے عدالتی نظام کی ساکھ کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ خط کے لکھا گیا کہ سیکرٹری جوڈیشل کمیشن اجلاس بلانے کے مجاز ہیں، 7 اپریل 2026 کو ایک تہائی ارکان کی اجلاس بلانے کی ہاتھ سے لکھی ریکوزیشن موصول ہوئی، ایک تہائی ارکان کی ریکوزیشن پر آرٹیکل 175 ایکے تحت سیکرٹری اجلاس طلب کر سکتے ہیں، تبادلے کیلیے اجلاس بلانے کی وجوہات کمیشن کے تمام ارکان کو بھجوائی جائیں۔

بقیہ 28

ایرانی وزیر خارجہ کا فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور اسحاق ڈار سے رابطہ

اسلام آباد کی جانب سے امریکا ایران رابطوں میں جاری سفارتی کوششوں پر گفتگو کی گئی

رہنماؤں نے رابطے میں رہنے پر اتفاق کیا، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (یو این پی) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے پاکستان کی سیاسی اور عسکری قیادت سے ٹیلیفونک رابطے کر کے خطے کی صورتحال اور جنگ بندی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ ایرانی خبر ایجنسی کے مطابق عباس عراقچی نے پاکستان کے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل عاصم منیر سے علیحدہ علیحدہ گفتگو کی۔ ایرانی خبر ایجنسی نے بتایا کہ وزیر خارجہ عباس عراقچی نے گفتگو میں خطے کی صورتحال اور جنگ بندی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے وزیر خارجہ اسحاق ڈار کو ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کے ٹیلیفون کی تصدیق کرتے ہو (بقیہ نمبر 26)

کمشنر ملتان ڈویژن عامر کریم خان ای بس شیڈز کی تعمیر بارے ڈویژنل جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

شہباز شریف کا کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (اے پی پی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ضلع خیبر میں فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائی میں 22 خارجیوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو سراہا ہے۔ جمعہ کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے دہشت گردوں کی بلا اشتعال فائرنگ کے نتیجے میں دس سالہ بچے کی (بقیہ نمبر 28)

سکھ برادری اور سکھ فار جسٹس کا پاکستان سے غیر متزلزل یکجہتی

سری نگر (یو این پی) پہلگام فالس فلیگ کے بعد سکھ برادری اور سکھ فار جسٹس نے پاکستان سے غیر متزلزل یکجہتی کا اعادہ کیا۔ پہلگام فالس فلیگ کے بعد بھارت تنہائی کا شکار ہوا جبکہ پاکستان کے موقف کو عالمی سطح پر پذیرائی ملی، مودی کو بھارت کے اندر اور باہر سے شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑا۔ رہنما تحریک خالصتان گرچنت سنگھ پنوں نے پہلگام فالس فلیگ کے بعد پاکستان کیساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہوئے کہا تھا کہ پاکستان کا نام ہی پاک ہے، د (بقیہ نمبر 29)

وفاقی وزیر داخلہ کا خیبر پر سکیورٹی اور قانون نفاذ پر اداروں کو خراج تحسین

اسلام آباد (اے پی پی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے 22 دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ جمعہ کو جاری بیان میں وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ فتنہ الخوارج کے 22 دہشتگردوں کو ہلاک کرنے پر قوم کے بہادر سپوتوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ بہادر سکیورٹی فورسز اور (بقیہ نمبر 31)

کمیشن اجلاس بلانے کیلئے چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ کی غیر رسمی درخواستیں مسترد

اسلام آباد ہائیکورٹ ایکٹ 2010 کے تقاضے متاثر ہوں گے

اسلام آباد (یو این پی) چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی نے اسلام آباد ہائیکورٹ کے ججوں کے تبادلے کے معاملے پر کمیشن کا اجلاس بلانے کی چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ سرفراز ڈوگر کی غیر رسمی درخواستیں مسترد کر دیں۔ چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی نے چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ کو تحریری جواب میں لکھا کہ ججوں کے تبادلے کے لیے کمیشن اجلا (بقیہ نمبر 27)

چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی کے پولیٹیکل سیکرٹری، ایم پی اے جمیل احمد سومرو، غالب نگر کے پبلک سینٹر میں عوامی شکایات سن رہے ہیں۔

ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز ڈاکٹر غلام عباس کا دورہ

چوآ سیدن شاہ، طالبات کے لیے کیریئر رہنمائی کے نئے باب کا آغاز

چوآ سیدن شاہ (خاور شہزاد) چوآ سیدن شاہ ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز چکوال، ڈاکٹر غلام عباس نے گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین، چوآ سیدن شاہ کا باضابطہ دورہ کرتے ہوئے کیریئر کونسلنگ سینٹر کا افتتاح کیا، جسے طالبات کی پیشہ ورانہ رہنمائی اور مستقبل کی بہتر منصوبہ بندی کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ اس موقع پر انہوں نے طالبات سے تفصیلی ملاقات کی اور ایک جامع کونسلنگ سیشن کے ذریعے انہیں تعلیمی و عملی زندگی میں درست سمت کے انتخاب، جدید تقاضوں سے ہم آہنگ فیصلوں اور بااعتماد انداز میں کیریئر تشکیل دینے کے حوالے سے مؤثر رہنمائی فراہم کی۔ دورے کے دوران انہوں نے داخلہ ڈیسک کا بھی معائنہ کیا اور زیر داخلہ طالبات سے گفتگو کرتے ہوئے انہیں تعلیمی سفر کے مختلف امکانات سے آگاہ کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر غلام عباس نے کہا کہ نوجوان طالبات کو بروقت اور معیاری کیریئر گائیڈنس فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو درست میدان میں بروئے کار لا سکیں۔ انہوں نے کالج کے مثبت تعلیمی ماحول کو سراہتے ہوئے پرنسپل ڈاکٹر عاصمہ شہزادی کی انتھک محنت، منظم قیادت اور ادارہ جاتی ترقی کے لیے (بقیہ نمبر 30)

ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز ڈاکٹر غلام عباس کا گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین کا دورہ؛ کیریئر کونسلنگ سینٹر کے افتتاح کے بعد طالبات کو رہنمائی فراہم کی جا رہی ہے۔

مریم نواز کے فلیگ شپ پروگرام "اپنا کھیت اپنا روزگار" سے پنجاب میں زرعی انقلاب آئے گا: عظمیٰ بخاری

پنجاب حکومت بے زمین دیہاتیوں کو 160 ارب روپے مالیت کی اراضی اور ڈھائی لاکھ روپے تک گرانٹ دے گی

پنجاب حکومت نے پہلے "اپنی چھت اپنا گھر" اور بے گھر افراد کو "مفت پلاٹ" تقسیم کیے: عظمیٰ بخاری

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز کے وژن کے مطابق پنجاب حکومت نے "اپنی چھت اپنا گھر" اور بے گھر افراد میں "مفت پلاٹس" کی تقسیم کے بعد اب بے روزگار افراد کے لیے "اپنا کھیت اپنا روزگار" اسکیم کا باقاعدہ آغاز کر دیا ہے۔ یہ فلیگ شپ پروگرام صوبے میں نہ صرف روزگار کے نئے مواقع پیدا کرے گا (بقیہ نمبر 40)

ایک بزرگ پھیری والا روزی کمانے کے لیے کھانے پینے کی اشیاء سے بھری ہوئی اپنی ریڑھی کھینچ رہا ہے۔

راولپنڈی، ڈاکوؤں نے ہزار روپے کیلئے تاجر کو قتل کر دیا، خوف و ہراس

راولپنڈی (یو این پی) راولپنڈی میں خونی ڈکیتی کی ایک لرزہ خیز واردات میں ڈاکوؤں نے مزاحمت پر تاجر کو قتل کر دیا۔ تفصیل کے مطابق راولپنڈی کے علاقے تھانہ صدر بیرونی کی حدود شاہ پور میں ڈکیتی کی ایک انتہائی افسوسناک واردات پیش آئی، جہاں سفاک ڈاکوؤں نے دورانِ مزاحمت فائرنگ کر کے ایک دکاندار کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق تین مسلح ڈاکوؤں نے دکان پر دھاوا بولا اور صرف ایک ہزار روپے کی ر (بقیہ نمبر 41)

شدید گرمی اور لوڈشیڈنگ، جیکب آباد کے شہری دوہرے عذاب میں مبتلا

بجلی کی طویل و غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ

جیکب آباد (یو این پی) شدید گرمی اور لوڈشیڈنگ، جیکب آباد کے شہری دوہرے عذاب میں مبتلا۔ تفصیلات کے مطابق ایشیا کے گرم ترین علاقوں میں شمار ہونے والے جیکب آباد میں شدید گرمی کی لہر نے معمولات زندگی کو مفلوج کر دیا ہے جبکہ دوسری جانب بجلی کی طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے شہریوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے، جمعہ کے روز درجہ حرارت 44 سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا ہے جبکہ دوپہر کے اوقات میں سورج کی تپش نے لوگوں کا گھروں سے نکلنا مشکل بنا دیا ہے ایسے میں بجلی کی بار بار بندش نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، شہریوں کا کہنا ہے کہ گرمی کی شدت میں جتنا اضافہ ہو رہا ہے اسی تناسب سے لوڈشیڈنگ کا دورانیہ بھی بڑھتا جا رہا ہے جس کی وجہ سے نہ صرف روزمرہ امور متاثر ہو رہے ہیں بلکہ بچوں، بزرگوں اور بیمار افراد کو شدید اذیت کا سامنا ہے، خصوصاً سرکاری و نجی اسپتالوں میں بجلی کی بندش کے باعث مریضوں کو شدید مشکلات درپیش ہیں، شہریوں کے مطابق گرمی کے ستائے ہوئے مریض، خصوصاً ہیٹ اسٹروک اور دیگر امراض میں مبتلا افراد، مناسب سہولیات نہ ہونے کے باعث مزید تکلیف میں مبتلا ہو رہے ہیں، شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ جیکب آباد جیسے شدید گرم علاقے میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا دورانیہ کم کر کے عوام کو سکون فراہم کیا جائے۔

بہاولپور: ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا جنرل پوسٹ آفس کے قریب واقع پارک کا جائزہ لے رہے ہیں۔

پی ایم ڈی سی نے غیر مجاز کلینیکل پریکٹس غیر قانونی قرار دیدی

الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کو ایسی پریکٹس روکنے کی فوری ہدایت

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (پی ایم ڈی سی) نے غیر مجاز کلینیکل پریکٹس کو غیر قانونی قرار دے دیا۔ پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل نے عطائیت کے بڑھتے رجحان پر وزارت صحت کو ایک خط لکھا ہے جس میں فارماسسٹ، سائیکالوجسٹ اور ڈینٹل ٹیکنیشنز کی کلینیکل پریکٹس کو غیر قانونی قرار دے دیا ہے۔ پی ایم ڈی سی کا کہنا ہے کہ عطائیت سے ایچ آئی وی اور ہیپاٹائٹس پھیلنے کا خدشہ ہے، تشخیص اور علاج صرف مستند ڈاکٹرز اور ڈینٹسٹس کا اختیار ہے۔ کونسل نے کہا ہے کہ رجسٹرڈ ڈاکٹرز اور ڈینٹسٹس ہی ایلوپیتھک علاج کر سکتے ہیں، الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز دوا تجویز نہیں کر سکتے۔ پی ایم ڈی سی نے اس طرح کی غیر مجاز پریکٹس کو انسانی جانوں کے لئے خطرہ قرار دیا ہے۔ پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل نے الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کو فوری طور پر ایسی پریکٹس روکنے کی ہدایت بھی کی ہے۔

☆☆☆

معرکہ حق، فیلڈ مارشل کا بھارتی اشتعال انگیزی اور کشمیر پر دوٹوک موقف

ملکی دفاع کو ناقابل تسخیر قرار دیتے ہوئے دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنانے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (یو این پی) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے بھارتی اشتعال انگیزی اور کشمیر پر دوٹوک مقف اپنایا اور دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنانے کا عزم کیا۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے 16 اپریل 2025 کو اوورسیز پاکستانیوں کی پروقار تقریب سے تاریخی خطاب میں ملکی دفاع کو ناقابل تسخیر قرار دیتے ہوئے دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ پاکستان کے سپہ سالار نے دشمن کی کسی بھی بلا اشتعال جارحیت کا فوری اور فیصلہ کن جواب دینے کا عزم دہرایا۔

چیئرمین پاکستان عوامی قوت پارٹی خاقان وحید خواجہ کی یوسی کرپا، گاؤں ہاڑی سیداں میں ٹھیکیدار ظفر کے گھر آمد، علاقائی مسائل اور موجودہ سیاسی صورتحال پر مشاورت، سیکرٹری جنرل ملک اعجاز احمد و کارکنان بھی ہمراہ۔

واپڈا چوآ سیدن شاہ کی غیر اعلانیہ کھلی کچہری، عوام بے خبر جبکہ مقامی میڈیا کو بھی اعتماد میں نہ لیا گیا

راولپنڈی ڈویژن صوبائی توانائی حکام اور ضلعی انتظامیہ سے فوری نوٹس اور شفاف تحقیقات کا مطالبہ

کہون اور چوآ سیدن شاہ کے حوالے سے منعقدہ مشترکہ کھلی کچہری عوامی مسائل کے حل سے زیادہ متنازعہ نوعیت کے باعث توجہ کا مرکز بن چکی ہے

سبزی منڈی میں بولی کے بعد مزدور شہر کے مختلف حصوں میں سپلائی کے لیے آلوؤں کی بوریاں موٹر سائیکل ریڑھی پر لاد رہے ہیں۔

چوآ سیدن شاہ (خاور شہزاد) تحصیل چوآ سیدن شاہ کی دونوں سب ڈویژنز کہون اور چوآ سیدن شاہ کے حوالے سے منعقدہ مشترکہ کھلی کچہری اب عوامی مسائل کے حل سے زیادہ اپنی متنازعہ نوعیت کے باعث توجہ کا مرکز بن چکی ہے۔ عوامی شکایات کے ازالے کے نام پر ہونے والی اس کارروائی کو ایسے محدود اور خاموش انداز میں مکمل کیا گیا کہ نہ مقامی میڈیا کو اعتماد میں لیا گیا نہ بروقت آگاہ کیا گیا اور نہ ہی علاقائی آبادی تک اس کی اطلاع مؤثر انداز میں پہنچائی گئی۔ نتیجتاً وہی طبقہ غیر حاضر رہا جس کے مسائل سننے کے لیے یہ فورم قائم کیا جاتا ہے۔ (بقیہ نمبر 43)

پرائیویٹ سکولوں کی رجسٹریشن میں تاخیر، 1100 درخواستیں مسترد

مقررہ وقت کے باوجود مکمل دستاویزات فراہم نہیں کی گئیں؛ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی

لاہور (یو این پی) لاہور میں پرائیویٹ سکولوں کی رجسٹریشن کے معاملے پر بڑی پیش رفت سامنے آئی ہے، جہاں دستاویزات مکمل نہ ہونے پر 1100 سکولوں کی درخواستیں مسترد کر دی گئیں۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کے مطابق رجسٹریشن کا عمل ایک سال سے التواء کا شکار تھا اور متعدد بار سکولوں کو دستاویزات مکمل کرنے کے لیے الرٹس جاری کیے گئے تھے۔ تاہم مطلوبہ ریکارڈ جمع نہ کرانے پر درخواستیں منسوخ کر دی گئیں۔ سی ای او ایجوکیشن طارق محمود کے مطابق تمام درخواستوں کی جانچ پڑتال کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا کیونکہ مقررہ وقت کے باوجود مکمل دستاویزات فراہم نہیں کی گئیں۔ دوسری جانب پرائیویٹ سکول مالکان نے اس فیصلے کو غیر منصفانہ قرار دیتے ہوئے موقف اختیار کیا ہے کہ انہوں نے تمام مطلوبہ دستاویزات جمع کرائی تھیں۔ ایک سال تک درخواستیں زیر التواء رکھ کر اچانک مسترد کرنا ناانصافی ہے۔ سکول مالکان نے خبردار کیا ہے کہ اگر رجسٹریشن کا مسئلہ حل نہ کیا گیا تو وہ بھرپور احتجاج کریں گے۔

☆☆☆

احسن اقبال کی زیر صدارت نیشنل پرائس مانیٹرنگ کمیٹی کا ہفتہ وار اجلاس

اسلام آباد (اے پی پی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال کی زیر صدارت جمعہ کو نیشنل پرائس مانیٹرنگ کمیٹی کا ہفتہ وار اجلاس منعقد ہوا۔ نیشنل پرائس مانیٹرنگ کمیٹی کے ہفتہ وار اجلاس سے خطاب میں وفاقی وزیر نے کہا کہ عالمی دباؤ کے باوجود ملک میں فرٹیلائزر کی قیمتوں کا مستحکم رہنا خوش آئند ہے، حکومتی اقدامات کے باعث مہنگائی میں بتدریج استحکام آ رہا ہے۔ (بقیہ نمبر 42)

نائب وزیر اعظم سے ایران کے وزیر خارجہ کی ٹیلیفون پر گفتگو

اسلام آباد (اے پی پی) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کو ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی کی جانب سے جمعہ کو ٹیلیفون کال موصول ہوئی۔ دفتر خارجہ کے مطابق گفتگو کے دوران فریقین نے خطے میں جاری صورتحال، جنگ بندی اور امریکا و ایران کے درمیان جاری سفارتی روابط کے تناظر میں اسلام آباد کی جانب سے کی جانے والی سفارتی کوششوں پر تبادلہ خیال کیا۔ نائب وزیر اعظم نے علاقائی امن اور استحکام کو (بقیہ نمبر 44)

پشین، 3 افراد کے قتل کا مرکزی ملزم فرار، 1 ساتھی ہلاک

پشین (یو این پی) پشین کے نواحی علاقے یارو میں 3 افراد کے قتل کیس میں اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ کوئٹہ میں ایس ایس پی کرائم برانچ عطاء اللہ شاہ نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے پشین کے علاقے یارو میں 26 مارچ کو پیش آنے والے 3 افراد کے قتل کیس کی تفصیلات بتا دیں۔ ایس ایس پی عطاء اللہ شاہ کے مطابق واقعے میں ایک خاتون سمیت 3 افراد کو قتل کیا گیا تھا اور اس واردات کا مرکزی ملزم پرویز نامی شخص ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پولیس نے ملزم کے ٹھکانے پر چھاپہ مارا، (بقیہ نمبر 45)

شعبہ زراعت ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے

وزیر اعظم شہباز شریف نے ایگری ڈرگ فوڈ اتھارٹی قائم کی ہے

لاہور (یو این پی) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ زراعت کا شعبہ ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ اینٹی فوڈ انویسٹمنٹ فورم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے لیے شعبہ زراعت اولین ترجیح ہے اور اسے جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے، اسی لیے پنجاب میں اس شعبے میں سرمایہ کاری بڑھائی گئی ہے، کسانوں کو جدید زرعی آلات فراہم کیے جا رہے ہیں تاکہ پیداوار میں اضافہ ممکن بنایا جا سکے۔ مریم اورنگزیب کے مطابق پوٹھوہار ریجن میں چھوٹے ڈیمز کی تعمیر جاری ہے، جس سے آبپاشی کے مسائل میں کمی آئے گی اور زرعی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ انہوں نے بتایا کہ وزیر اعظم شہباز شریف نے ایگری ڈرگ فوڈ اتھارٹی قائم کی ہے، جس کا مقصد زرعی شعبے میں معیار اور بہتری کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ حکومت زراعت میں ویلیو ایڈیشن، سٹوریج اور برآمدات پر خصوصی توجہ دے رہی ہے، جبکہ تمام شعبوں میں آئی ٹی اور آرٹیفیشل انٹیلی جنس (اے آئی) کو پالیسی کا مرکزی حصہ بنایا گیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ نجی شعبے کے تعاون سے اکنامک ٹرانسفارمیشن کے اہداف حاصل کیے جائیں گے، جس سے نہ صرف معیشت مضبوط ہوگی بلکہ کسانوں کی آمدن میں بھی اضافہ ہوگا۔

شہر میں گرمی کے ایک دن کے دوران مزدور گھر کی تعمیر کے لیے اینٹیں اٹھا کر لے جا رہے ہیں۔

رواں ہفتے مہنگائی میں 0.33 فیصد کی کمی

ایک ہفتے میں 19 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ

9 اشیاء سستی، 23 کی قیمتیں مستحکم رہیں، رپورٹ

اسلام آباد (یو این پی) وفاقی ادارہ شماریات نے مہنگائی سے متعلق ہفتہ وار رپورٹ جاری کر دی، ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی میں 0.33 فیصد کی کمی ہوئی ہے۔ ادارہ شماریات کی رپورٹ کے مطابق ملک میں مہنگائی بڑھنے کی سالانہ شرح 13.98 فیصد پر پہنچ گئی ہے، گزشتہ ہفتے تک ملک میں مہنگائی بڑھنے کی سالانہ شرح 12.16 فیصد تھی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ ایک ہفتے میں 1 (بقیہ نمبر 32)

پاکستان نے متحدہ عرب امارات کے تمام ڈپازٹ بروقت واپس کر دیے

ملکی زرمبادلہ ذخائر میں ایک ہفتے کے دوران ایک کروڑ 80 لاکھ ڈالر کا اضافہ ریکارڈ

کراچی، (یو این پی) پاکستان نے متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کو ڈپازٹس کی مد میں مزید ایک ارب ڈالر واپس کر دیے، اس طرح یو اے ای کو فراہم کی میں فراہم کی گئی تمام رقم واپس کر دی۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان کے مطابق ابوظہبی فنڈ فار ڈویلپمنٹ کو ایک ارب ڈالر ادا کیے گئے، گزشتہ ہفتے متحدہ عرب امارات کو 2.45 ارب ڈالر کی ادائیگیاں کی گئیں۔ جاری اعلامیہ میں بتایا گیا ہے کہ ایک ارب ڈالر مزید ادائیگی کے بعد یو اے ای کو مجموعی 3.45 ارب ڈالر کی واپسی مکمل ہو گئی، قرض ادائیگی سے بیرونی مالی ذمہ داریوں میں کمی ہوئی۔ سٹیٹ بینک کی جانب سے بروقت ادائیگی مالی نظم و ضبط کے عزم کا اظہار ہے۔ سٹیٹ بینک کے مطابق اس ہفتے سعودی عرب نے 1 ارب ڈالر جمع کرائے جبکہ اس ہفتے یو اے ای کو 1 ارب ڈالر کی ادائیگی کی گئی، یہ اعداد آئندہ ہفتے کے ڈپازٹس میں شامل ہوں گے۔ سعودی عرب نے پاکستان کو 3 ارب (بقیہ نمبر 33)

خیبر پختونخوا پولیس کے یونیفارم کے ڈیزائن میں تبدیلی کا فیصلہ

پشاور (یو این پی) خیبر پختونخوا پولیس کے یونیفارم کے ڈیزائن میں تبدیلی کا فیصلہ کر لیا گیا۔ آئی جی کے پی نے پولیس یونیفارم ریگولیشنز 2026ء کے نفاذ کے احکامات جاری کر دیئے۔ پولیس دستاویز کے مطابق یونیفارم کا رنگ، ڈیزائن، بیجز، جوتے اور کیپ صوبے بھر میں یکساں ہوں گے۔ دستاویز میں کہا گیا کہ ضم اضلاع کے پولیس اہلکاروں کا یونیفارم بھی دیگر اضلاع جیسا ہوگا۔ دستاویز کے مطابق نئے یونیفارم رولز یکم جولائی 2 (بقیہ نمبر 34)

میرے نام پر ٹکٹ لینے والے وکلا اب کہاں غائب ہیں؟

بانی پی ٹی آئی کا تین اہم رہنماؤں پر ناراضگی کا اظہار

راولپنڈی (یو این پی) بانی پی ٹی آئی عمران خان نے پارٹی کے تین وکلا رہنماؤں حامد خان، سلمان اکرم راجہ اور انتظار پنجوتھہ پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے پوچھا ہے کہ "میرے نام پر ٹکٹ لینے والے وکلا اب کہاں غائب ہیں؟۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بانی پی ٹی آئی نے جیل میں ملاقات کے دوران اپنی قانونی ٹیم کے اہم ارکان اور پارٹی کے وکلا رہنماؤں کی کارکردگی پر شدید برہمی کا اظہار کیا ہے۔ ذرائع کے حوالے سے رپورٹ کے مطابق عمران خان سینیٹر حامد خان، سلمان اکرم راجہ اور انتظار پنجوتھہ سے سخت ناراض نظر آئے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ عمران خان نے سوال اٹھایا کہ جن وکلا کو ان کے نام پر بار الیکشن میں ٹکٹ دیے گئے تھے، وہ اب کہاں ہیں؟۔ انہوں نے شکوہ کیا کہ انہیں یقین دہانی کرائی گئی تھی کہ ٹکٹ ہولڈر وکلا الیکشن جیت کر ان کی رہائی کے لئے ایک (بقیہ نمبر 35)

اے این ایف کی کارروائیاں، افغان باشندے سمیت 8 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (یو این پی) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے 7 مختلف کارروائیوں کے دوران 175.95 کلوگرام منشیات برآمد کر کے افغان باشندے سمیت 8 ملزمان گرفتار کر لئے۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق کارروائیاں لاہور، راولپنڈی، پشاور، اسلام آباد، پشین اور مانسہرہ میں کی گئیں۔ حکام کے مطابق کارروائی میں 166 کلو 800 گرام چرس، 8 کلو 400 گرام افیون، 500 گرام افیون، 250 گرام حشیش آئل بھرا ویپ (بقیہ نمبر 36)

فیملی عدالتوں میں طلاق کے دعوے دائر کرنیکی شرح میں ریکارڈ اضافہ

ایک ماہ میں 100 خواتین کو خلع اور میرٹ کی بنیاد پر ڈگریاں جاری کی گئیں

لاہور (یو این پی) لاہور کی فیملی عدالتوں میں طلاق کے دعوے دائر کرنے کی شرح میں ریکارڈ اضافہ ہو گیا۔ ایک روز میں خلع اور طلاق کے دس سے پندرہ دعوے دائر کیے جا رہے ہیں، فیملی عدالتوں نے ایک ماہ میں 100 خواتین کو خلع اور میرٹ کی بنیاد پر ڈگریاں جاری کیں۔ فیملی عدالتوں سے خلع کی ڈگریاں حاصل کرنے والوں کو یونین کونسل سے رجوع کرنے کا پابند کر دیا گیا ہے، یونین کونسل سے رجوع کے بعد ہی خاتون دوسری شادی کر سکتی ہے اگر بغیر یونین کونسل کے طلاق (بقیہ نمبر 39)

پارٹی سیکرٹریٹ اسلام آباد میں راجہ توقیر آصف کی آمد، سیاسی و سماجی امور اور 26 مئی کشمیری نوجوانوں کے اجتماع پر مشاورت، اختتام پر راجہ ابرار حسین و دیگر رہنماؤں کا گروپ فوٹو

ایف پی سی سی آئی اور گوانگڈو چیمبر کے درمیان اہم معاہدہ

پاک چین تجارت کو فروغ دینے کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط

کراچی (یو این پی) پاکستان اور چین کے درمیان اقتصادی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کی سمت میں ایک اہم قدم اٹھاتے ہوئے فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) اور گوانگڈو چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے درمیان مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کیے گئے ہیں۔ یہ معاہدہ گوانگڈو میں پاکستانی قونصل خانے میں ہونے والی اعلیٰ سطح ملاقات کے دوران طے پایا، جہاں ایف پی سی سی آئی کے سینئر نائب صدر اور چیئرمین بی ایم پی پروگریسو ثاقب فیاض مگوں اور گوانگڈو چیمبر کے چیئرمین رچرڈ وو نے دستخط کیے۔ تقریب میں پا (بقیہ نمبر 38)

پی ٹی آئی رہنما اعجاز چوہدری کی جیل میں طبیعت خراب، ہسپتال منتقل

ڈاکٹر مکمل چیک اپ کے بعد تفصیلات بتائیں گے؛ وکیل رانا مدثر عمر کا بیان

لاہور (یو این پی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنماء اعجاز چوہدری کو جیل میں طبیعت خراب ہونے پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا، ان کے وکیل رانا مدثر عمر کا کہنا ہے کہ اعجاز چوہدری کو کوٹ لکھپت جیل سے پی آئی سی منتقل کیا گیا ہے، ڈاکٹر مکمل چیک اپ کے بعد تفصیلات بتائیں گے۔ پاکستان تحریک انصاف نے بزرگ رہنما اعجاز چوہدری کو طبیعت کی خرابی کے بعد پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی ہسپتال منتقل کیے جانے پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے، مرکزی شعبہ اطلاعات پا (بقیہ نمبر 37)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035